
کہاں دل کہاں ہم
از آرزو زاہرہ
ناولز کلب

# السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

# کہاں دل کہاں ہم

از

آرزو زہرہ

www.novelsclubb.com

"تعبیر سے محروم میرے خواب بہت ہیں،

چھوٹی سی کہانی مگر باب بہت ہیں!

ہر موڑ پر مل جاتے ہیں ہمدرد ہزاروں،

لگتا ہے اس بستی میں اداکار بہت ہیں!"

"کہانی محبت کی! محبت سے جُڑے رشتوں کی،

نفرت سے محبت تک کے سفر کی!

کہانی ان لوگوں کی جو اکثر محبت میں دھوکہ کھاتے ہیں،

www.novelsclubb.com

جو اکثر بھٹک جاتے ہیں،

یہ کہانی ہے ماہین اور تقی کی!

# "باب الف"

## قسط:۱

## پہلی ملاقات:

وہ پہلی ملاقات!

جیسے برسات کی کوئی رات،

جیسے سورج کا اجالا

اور تیرا میرا ساتھ،

تیری آنکھوں کی تپش

www.novelsclubb.com

اور میری وہ عادات،

خوب جمتی ہماری

گر تھام لیتا تیرا ہاتھ،

وہ پہلی ملاقات!

—---—--**********--------

"...ماہی! آرام سے... آرام سے!!..ارے لگ جائیگی.. میری ماں آرام سے.. ماہی!!!.."

www.novelsclubb.com

وہ بُہت تیز گاڑی چلا رہی ہوتی ہے بلکہ اُڑا رہی ہوتی ہے اور اسکی دوست برابر والی سیٹ پر بیٹھی اُسے بار بار روکنے کا کہ رہی ہوتی ہے*

..."چِل یار انو!! کچھ نہیں ہو گا..!" یہ کہتے ہوئے وہ اسکی طرف دیکھتی ہے

"..تُم آگے دیکھو!..آگے دیکھ کر چلاؤ!!" وہ گھبرا کے کہتی ہے اور پھر دل ہی دل میں دُعائیں پڑھنے لگتی ہے۔۔

"ارے میں کہ رہی ہوں نہ۔۔۔" ابھی وہ کچھ بول ہی رہی ہوتی ہے کہ اسی اسنہ میں کار جاکے ایک کھڑی کار سے ٹکراتی ہے..

۔۔۔۔۔۔ڈشششششش!!!!۔۔۔۔۔۔۔۔؛ایک زوردار آواز آتی ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

تقی جو ابھی اپنے دوست عماد کے ساتھ mall سے باہر نکل کے کار کی طرف آیا ہی تھا کے ایک تیز رفتار کار اُسکی کار کو زور سے ہِٹ کرتی ہے.. تقی اور عماد جلدی سے پیچھے ہٹتے ہیں.. *

Holy shiTttt!! "عماد کہتے ہوئے پیچھے ہٹتا ہے۔۔

وہیں تقی تو شاک میں ہی چلا جاتا ہے۔۔ تقی کی یہ حالت دیکھ عماد تقی کو زور سے ہلاتا ہے

"بھائی تو ٹھیک ہے ؟!؟"

"ابّو کی favourite کار!" عماد کے ہلانے پر وہ ہوش میں آتا ہے۔۔

تقی اُس بیچاری کار کو دیکھنے لگتا ہے جواب پیچھے کی طرف سے فُل ڈیمیج ہو گئی تھی۔۔*

"WHAT THE HELL!!!" اس سے پہلے عماد کچھ کہے تقی سیدھا چلاتے ہوئے دوسری کار کی طرف آتا ہے۔۔

"اوہ ہیلو! نکلو باہر کار سے.. نکلو فورن!.."

ماہین جلدی سے کار سے نکلتی ہے اور بولتی ہے؛" I..I am really sorry!!..."

www.novelsclubb.com

sorry my foot "!!".. وہ غصے میں کہتا ہے*"میری کار کی کیا حالت کر دی تم نے..اگر گاڑی چلانے نہیں آتی تو چلاتی کیوں ہیں آپ..!!؟!"

تقی کو شدید غصّہ آرہا ہوتا ہے ایک تو ویسے ہی صبح سے اسکا موڈ ٹھیک نہیں تھا اپر سے یہ سب اگر سامنے کوئی لڑکا ہوتا تو وہ اب تک کوئی قتل وتل بھی کر چکا ہوتا.. *

تقی کے چِلانے پر ماہین بھی کہاں چُپ رہنے والی تھی.. *

"دیکھو مسٹر! میں نے کوئی جان بوجھ کر تمہاری کار نہیں ٹھوکی.. وہ تو....بلی!..بلی آگئی تھی کار کے سامنے بس اُسی کو بچانے کے چکّر میں کار لگ گئی..." ماہین معصومیت سے کہتی ہے..

www.novelsclubb.com

لیکن تقی پر کہاں اثر ہونا تھا معصومیت کا... *

"وہ چھوٹی سی بِلی دیکھ گئی آپکو لیکن یہ ہاتھی کے سائز کی گاڑی نہیں دیکھی تمھیں!!???!..اندھی ہو??..اسی لئے بس اسی لئے عورتوں کو گاڑی چلانے کی اجازت ہی نہیں ملنی چاہیے..دیتی رائٹ انڈیکیٹر ہیں اور مڑ لیفٹ جاتی ہیں اور سپیڈ بریکر نام کی تو کوئی چیز ہی نہیں ہوتی انکی زندگی میں!!"

"اتنا کیوں تماشا کر رہے ہو?!تھوڑی سی تو لگی ہے!"

ماہین بھی اسی کے انداز میں جواب دیتی ہے*

"تھوڑی سی?!!.یہ تھوڑی سی لگی ہے?..آپکو اندازہ بھی ہے بمپر توڑ دیا ہے اپ نے میری کار کا..بمپر!!.." تقی بمپر دکھاتے ہوئے کہ کہتا ہے*

"تو مر کیوں رہے ہو.. 5ہزار تک کا ہی خرچہ ہو گا نہ دیدونگی.. "وہ ایسا موں بناتے ہوئے کہتی ہے جیسے اس میں کونسی بڑی بات ہے دے دو نگی۔۔

"او وبی بی !۔۔ نٹس لووز نہیں ہوئے ہیں بمپر ٹوٹا ہے کم سے کم بیس تیس ہزار کا خرچہ تو لگے گا.. "

"بیس تیس ہزار !!!"وہ حیرانی سے کہتی ہے *

۔۔جی !۔۔

"کیوں بھئ کونسے ہیرے جڑے ہوئے ہیں آپ جناب کی کار میں جو اتنے پیسے لگینگے۔۔"

www.novelsclubb.com

اس سے پہلے ماہین اور کچھ بولے عنایا بات سمبھالنے کے لئے کہتی ہے؛

"کوئی بات نہیں سر اپکا جتنا بھی نقصان ہوا ہے ہم دے دینگے۔۔"

"ہم کیوں دینگے ؟۔۔۔"؛ماہین اسے ٹوک کے بولتی ہے *

اس پر عنایا اسے ڈانٹ دیتی ہے؛" یار ماہین تم چپ کرو!۔۔۔"اور پھر تقی کے پاس آ کے کہتی ہے:

"سر آپ اپنا ایڈریس دیدیں میں پیسے بھجوادونگی۔۔"

"وہ تو میں لونگا ہی! لیکن اس سے پہلے مجھے ان سے سوری چاہیے ہے ابھی اور اسی وقت!.."

سوری!؟؟..میں کیوں بولونگی تمھیں سوری؟؟؛ماہین تیور چڑھا کے اسے پوچھتی ہے۔۔

www.novelsclubb.com

"یہ جو اتنی بد تمیزی کی تم نے مجھسے..اسکا کیا..؟"

"اووہیلو! سمجھتے کیا ہو تم خود کو"..اور جی ہاں ماہین اپنے فورم میں آگئی تھی*

"میں تقی ضیاءاحمد ہوں اور اپنے آپ کو وہی سمجھتا ہوں!۔۔اور جب تک تم مجھے سوری نہیں بولو گی نہ میں یہاں سے ہلونگا نہ تمہیں کہیں جانے دونگا!۔"وہ بھی اسی کے انداز میں بولتا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

"ایسے کیسے کہیں نہیں جانے دو گے باپ کا راج ہے کیا!!؟!۔۔رکو ذرا میں ابھی پولیس کو فون کرتی ہوں۔۔"ماہین اپنا فون اٹھاتی ہے کار میں سے تو تقی کہتا ہے:

"good idea!..ایکچولی تم کیا پولیس کو فون کرو گی میں ہی کرتا ہوں!"

(وہ بھی پاکٹ میں سے اپنا فون باہر نکلتا ہے)

"ارے نہیں نہیں سر اتنی سی بات کے لئے پولیس کو بولانے کی کیا ضرورت"...

عنایا گھبرا کے کہتی ہے لیکن ماہین کا تو پارا ساتھویں آسمان پر چڑھا ہوا تھا*

"ہاں تو بولا لو پولیس کو! میرا نام بھی ماہین قدوسی ہے ڈرتی ورتی نہیں ہوں میں کسی سے.. سوری تو میری جوتی بھی نہیں بولے گی تمسے.. جاؤ جو کرنا ہے کر لو..."

"ماہین!...اِدھر آؤ تم!" عنایا اُسے کھینچ کے سائیڈ پر لیکر جاتی ہے*

"پاگل ہو گئی ہو تم سوری بول کے بات رفعہ دفعہ کیوں نہیں کر دیتی..؟"

"میں کیوں اُسے سوری بولوں!.."

"میری بات سنو اگر اُسنے پولیس بُلالی نہ تو ایک ہنگامہ ہو گا.. ہوسٹل والوں کو پتا چلا تو وہ ہمیں نکال دینگے اور پیسے!.. پیسے کہاں سے آئینگے ہمارے پاس.. میری بات مانو ماہی۔۔۔۔۔ *عنایا اُسے سمجھاتی ہے۔۔

دونوں کو کونے میں کھڑے کافی دیر ہو گئی تھی تو تقی بولتا ہے*

"اگر ملک کے معشی حالات پر بیحس ختم ہو گئی ہو تو واپس پوئنٹ پر آئیں؟"

"میں تو پوئنٹ پر ہی ہوں میں تو سوری بولونگی نہیں تمھیں جو کرنا ہے کرلو.. بلکہ ایکچولی تم مجھے سوری بولو!.. بولو ورنہ اپنے پیسے بھول جاؤ۔۔"مہیں سارا ملبہ تقی کے سر ڈال دتی ہے*

www.novelsclubb.com

"دیکھا میں نے کہا تھا نہ یہ لڑکی نہیں دیگی مجھے پیسے.. شکل سے ہی چورنی لگتی ہے.."

"چورنی!!..میں تمھیں چورنی لگتی ہوں؟؟!"ماہین غصے میں قریب آ کے کہتی ہے--

"ہاں لگتی ہو..بلکے چورنی ہی نہیں فراڈ اور کون وومن بھی لگتی ہو!" تقی اسکی آنکھوں آنکھیں ڈال کے کہتا ہے--*

"تمہاری تو---!!"اس سے پہلے ماہین تقی کو کچھ کرے عنایا اسے روک لیتی ہے:

www.novelsclubb.com

"ماہین!کیا کر رہی ہے یار!"*وہ جلدی سے پکڑ کے اسے پیچھے کرتی ہے--

"یار تقی چھوڑ نہ بھائی ویسے ہی لیٹ ہو رہے ہیں۔۔""عماد بھی تقی کو روکتا ہے

"سہی کہ رہا ہے تُو ویسے بھی بھینس کے آگے بین بجانے کا کوئی فائدہ نہیں

ہے.."وہ کہ کے مڑ جاتا ہے۔۔

تو ماہین اسکے سامنے آ کے کہتی ہے* یہ بھینس کیسکو بولا تم نے ہاں!!

"تمھیں اور کسے...اب ہٹو سائیڈ پر لیٹ ہو رہا ہے مجھے.." تقی ہٹنے کا اشارہ کرتا

ہے۔۔

"۔۔۔۔تم!!..."۔۔

"ماہی چھوڑ و اسے!!.. چلو یہاں سے اب!!

*عنایا اُسے کار میں بٹھاتی ہے اور پھر خود بیٹھتی ہے ماہین جانے سے پہلے تقی کے

سامنے کار رُوک کے کہتی ہے

"تمھیں تو میں دیکھ لونگی.!"

"بے شک دیکھتی رہو!. یہیں کھڑا ہوں میں.."* تقی بھی چڑ کے کہتا ہے۔۔

*ماہین تقی کو موں چڑا کر چلی جاتی ہے۔۔انکے جاتے ہی تقی اور عماد کار کو حسرت بھری نظروں سے دیکھتے ہیں؛

"اب جائیں کیسے؟"عماد تقی سے پوچھتا ہے*

"ہوائی جہاز منگوالوں!?!۔۔* تقی غصے میں بولتا ہے۔۔"ابّے تجھے جانے کی فکر ہے یہ سوچ کے اب اس کار کا کیا کرنا ہے۔۔تُو تو جانتا ہے یہ ابّو کی favourite کار ہے انکو پتا چلا تو ہم دونوں کی قبریں کُھد جاینگی۔۔"

www.novelsclubb.com

"آ..اسکا بھی کچھ کر ہی لینگے.. فلحال سٹوڈیو پُہنچ جائیں لیٹ ہو رہے ہیں۔۔"

"اور یہ کار..؟"

"اسکو یہیں رہنے دیتے ہیں میں اپنے میکینک کو بولدونگا.. بعد میں آ کے للیگا.. اب چلیں؟!

اچھا ٹھیک ہے!.. چل! *ایک آخری نظر کار پر ڈالنے کے بعد وہ دونوں چلے جاتے ہیں۔۔۔

.............................................................................

.......

www.novelsclubb.com

(کیفیٹیریا میں بیٹھی وہ اپنی دوستوں کو ساری باتیں بتارہی تھی پھر بھی ماہین کا غصّہ کم نہیں ہو رہا تھا)

"اوہ تو ہیرو کی اینٹری ہو ہی گئی میڈم کی لائف میں.. "حنا ہس کے کہتی ہے۔۔

"ہیرو!؟! ہیرو نہیں ویلن کہو اُسے ویلن".. *ماہین تقی کو سوچتے ہوے کہتی ہے۔۔

ہاہاہا! چلو کوئی نئ ویسے بھی رئیل لائف میں تو ویلن کی ہی جیت ہوتی ہے۔۔ *ہستے ہستی سمرا بولتی ہے۔۔

www.novelsclubb.com

"اب ایسا بھی کوئی بُرا نہیں تھا وہ ماہی!.. بلکے اچھا خاصا ہی تھا. "عنایا تقی کو ڈیفینڈ کرتی ہے*

"تم تو بس رہنے ہی دو.. تم پر تو الگ ہی غصّہ آرہا ہے مجھے"۔۔ *ماہین عنایا کو بھی آڑے ہاتھوں لیتی ہے۔۔

"کیوں بھئی میں نے کیا کیا ہے ؟؟"

"کیا کیا ہے ؟؟!!.. تم نے اس اُلٹی کھوپڑی کو کچھ بولا کیوں نہیں.. بلکہ مجھے بھی روک دیا.. ورنہ آج تو میں اُس پھٹے ہوئے بینڈ کا بینڈ بجا کر ہی آتی.."* وہ غصے میں زور سے ٹیبل پر ہاتھ مارتی ہے۔۔ جس پے سمرا کہتی ہے:"اوہ بہن حوصلہ رکھ کیا کر رہی ہے.."

www.novelsclubb.com

"اگر غلطی انکی ہوتی تو میں ضرور کہتی ماہی لیکن تم بھی جانتی ہو غلطی ہماری تھی۔۔"عنایا اپنا پائنٹ of ویو بتاتی ہے*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"اچھا یہ سب چھوڑو guys ڈیپارٹمنٹ چلو سر شاہین کی کلاس شروع ہونے والی ہے... کوئی نیا ہی افسانہ پڑھائینگے آج وہ.."

صباء جلدی سے بات کو گھوماتی ہے تاکہ بحث بڑھ نہ جائے*

"میرا موڈ اچھا نہیں ہے.. میں.. واپس ہوسٹل جا رہی ہوں."* یہ کہ کے ماہین چلی جاتی ہے۔۔

www.novelsclubb.com

"ارے ماہی بات تو سنو.."عنایا اسے روکنے کے لئے جا رہی ہوتی ہے تو سمرا کہتی ہے؛

"جانے دو عنایا اسے.. وہ تھوڑی دیر اکیلے رہیگی تو خود ٹھیک ہو جائیگی۔۔"

سمرا کے کہنے پر وہ روک جاتی ہے *۔۔"ہمم۔۔اور یار سوری ہاں تمہاری گاڑی کی یہ حالت ہو گئی ہماری وجہ سے !"

عنایا فورن اس سے معافی مانگتی ہے کیوں کے جو کار ماہین چلا رہی تھی وہ سمرا کی تھی *

"ارےit's okay! کوئی مثلا نہیں ہے ! "

"افو!!..Guys تم دونوں کا ہو گیا ہو تو پلیز کلاس میں چلو ورنہ پروفیسر شاہین بعد میں نہیں آنے دینگے۔۔"

www.novelsclubb.com

*صباء گھڑی پر ٹائم دیکھتے ہوے کہتی ہے۔۔

"۔۔ہاں ہاں چلو !۔۔"

(تینوڈیپارٹمنٹ کی طرف نکل جاتی ہیں)

.........................................,......,.................

.....,,,

(صُبح کے 7 بجے عماد تقی کو اپنی بائیک پر اسکے گھر ڈراپ کر کے چلا جاتا ہے..اور اب جناب مین گیٹ پر کھڑے ہو کے اندر سوتے گارڈ کو آواز دے رہے ہوتے ہیں
(

"خان چچا!..خان چچا..!"۔۔ تقی آہستے سے لیکن جلدی آواز دیتا ہے*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تقی کی آواز سن کر گیٹ پر سوتا گارڈ گل خان جاگ جاتا ہے*

" تقی بابا آپ آگیا!.."

"ہاں جلدی دروازہ کھولیے!!"

" تقی بابا اپ کسی دن ہم کو مروائیگا.."*گل خان دروازہ کھولتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"ارے کچھ نہیں ہوگا خان چچا میں ہوں نہ!"

"آپ ہو اسی بات کا تو ڈر ہے.. کوئی اور ہوتا تو پھر آسرا تھا اس باری پکڑا گیا تو پکا نوکری جائیگی ہماری...."

www.novelsclubb.com

"ہاں !۔۔اور اگر ابّو کو یہ پتا چل گیا کے آپ رات کو ڈیوٹی کرنے کے بجائے سو رہے ہوتے ہو تو بھی آپکی نوکری جائیگی..اسی لئے اچھا ہے آپ میری نوکری کرتے رہیں..فائدے میں رہینگے..😉"

* تقی یہ کہکے اندر گھر میں چلا جاتا ہے جبکہ پیچھے کھڑا اگل خان صرف دُعا ہی مانگتا رہجاتا ہے

"یااللہ ہم کو بچا ان باپ بیٹے کے شر سے!"

.........................,......,..........................,................

www.novelsclubb.com

.......

(تقی آہستے سے ہال کا گیٹ کھولتا ہے اور گھر میں اینٹر ہوتا ہے جہاں سامنے ہی اُسے رابیعہ بیگم دیکھ جاتی ہیں وہ نظریں بچا کر نکل رہا ہوتا ہے لیکن رابعہ بیگم اسے پکڑ لیتی ہیں)

"کہاں تھے تم ساری رات تقی؟؟ رات سے تمہارے ابّا سو دفعہ کال کر کے پوچھ چُکے ہیں تمہارا.."

وہ اسکے پاس اکر پوچھتی ہیں*

"امی خدانہ خاستہ اُنکو پتا تو نہیں چل گیا کہ میں شوٹنگ میں تھا..؟؟۔۔وہ جلدی سے انسے پوچھتا ہے*

www.novelsclubb.com

"اور کتنے جھوٹ بلواؤ گے تم مجھسے تقی!..ابھی تک تو انھں نہیں پتا چلا لیکن مجھے لگتا ہے انھیں شق ہو گیا ہے!"

"ویسے ہیں کہاں ابھی چنگیز خان ؟" وہ ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے *

ربیعہ بیگم : تقی میں نے تمسے کتنی دفعہ کہا ہے اپنے ابّا کے بارے میں ایسا نہ کہا کرو..!.؛ وہ اسے ڈانٹتی ہیں *

"اچھا نہ امی مجھے بہت بھوک لگی ہے کچھ کھلا دیں!.."

*یہ بولتے ہوئے وہ کچن میں چلا جاتا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

* تبھی اُسے پیچھے سے کوئی آواز دیتا ہے جنکی آواز وہ پیچھے مڑے بغیر ہی پہچان لیتا ہے۔۔

"...آ گئے تم تقی ؟؟؟!۔۔"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"نہیں ابھی تک راستے میں ہی ہوں.. دیکھ رہا ہوں تو مطلب آ گیا ہوں نہ!" وہ چڑ کے جواب دیتا ہے*

" تقی! بڑا بھائی ہے تمہارا.. "رابیہ بیگم فورن تقی کو ٹوکتی ہیں*

"جی! پتا ہے کے یہ بڑے بھائی ہیں میرے!"

"ویسے تقی تمہاری وجہ سے ابّو بہت ٹینشن میں رہتے ہیں.. آخر تم پارٹی کیوں نہیں جوئینڈ کر لیتے..." کمیل تقی کو سمجھانے لگتا ہے*

www.novelsclubb.com

"ہاں تو کہہ دیجئے انسے کے میری ٹینشن نہ لیا کریں..اور یہ پولیٹکس وولیٹکس نہیں ہوتی مجھسے !۔۔اسے آپ اپنے ابّا حضور کی حد تک ہی محدود رکھیے..مجھے تو اسٹار بنناہے اسٹار !..دیکھئے گا ایک دن میں بہت بڑا اسٹار بنوگا پورے شہر میں میرے بڑے بڑے پوسٹرز لگینگے.. تقی دی سُپر سٹار !!"

(یہ کہتے ہی وہ اپنی خابوں کی دنیا میں گُھم ہو جاتا ہے)

"خواب دیکھ لئے ہوں تو اُس میں سے باہر بھی آجائیں تقی صاحب !.." کمیل اسکی اس حرکت پر طنز کرتا ہے *

www.novelsclubb.com

وہ جو اپنی دنیا میں سیر کر رہا تھا جھن جھلا کے کہتا ہے؛

"بھائی یار !آپکی ہی آہ لگے گی مجھے کسی دن.."

"اللہ نہ کرے کیسی باتیں کر رہے ہو تقی۔۔!" کچن میں آتی تقی کی بھابی رمشا اسے ڈانٹتی ہے

"لو آگئی دیور کی بھابی.." کمیل ہاتھ میں چائے کا کپ اٹھائے ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھتے ہوئے بڑبڑاتا ہے۔۔جو تقی سنکے کہتا ہے؛

"تو آپ کیوں اتنا جیلس ہو رہے ہیں.."

"..ویسے تقی بیٹا اب تم بھی شادی کر ہی لو۔۔۔" *کچن میں آتی گھر کی ملازمہ بولتی ہیں جسکے جواب میں تقی بڑی ڈھٹائی سے بولتا ہے*

"یہ کیسی باتیں کر رہی ہیں آپ رفت بی!..ابھی میری عمر ہی کیا ہے!"

www.novelsclubb.com

"جی جی ماشاللہ سے صرف 26 کے ہی ہیں ہمارے تقی بھائی." *پیچھے سے آتی تقی کی بہن فاطمہ بھی کچن میں اینٹر ہوتے ہوئے تقی کی عمر پر چوٹ کرتی ہے۔۔

۔۔"my dear fati!! جتنا دماغ تم ان سب باتوں میں لگاتی ہو اُسکا ایک پرسنٹ بھی اگر سٹڈیز میں لگالو تو ٹاپ کرو تم!..اور ہاں اس چھوٹی سی ناک کو نا میرے معملات میں مت گھُسیڑا کرو نہیں تو wifi کا پاسورڈ بدل دونگا میں....
وہ اسے دھمکی دیتا ہے جسپے فاطمہ کمیل کو بولتی ہے۔۔

"بھائی!!..دیکھیں نہ تقی بھائی کو!!"

"ہاہا بھائی مجھے روز دیکھتے ہیں" تقی ایک بار پھر اسے موچڑاتا ہے۔۔



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"۔۔ تقی!!!!.." کمیل فورن اسے بولتا ہے۔۔

"اچھا میں جا رہا ہوں سونے اور جب تک میں خود نہ اُٹھوں برائے مہربانی کوئی بھی میرے کمرے میں قدم رکھنے کی زحمت نہ کرے۔۔۔good night!"

یہ بول کر تقی وہاں سے چلا جاتا ہے*

" تقی!.....۔" کمیل اسے آواز دیتا ہے لیکن وہ سنے بغیر وہاں سے چلا جاتا ہے

"بتاؤ پورے جہان کی ابھی صُبح ہوئی ہے اور تقی صاحب کی رات شروع ہوئی ہے.. "

www.novelsclubb.com

"چھوڑیں کمیل بچّہ ہے ابھی!۔۔" رمشا فورن تقی کی سائیڈ لیتی ہے*


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"بچّہ ؟!!.. ہن! بچّہ بول بول کر ہی سر پر چڑھا رکھا ہے سب نے اسے۔۔۔"

(جاری ہے)

***********************************

*********************

www.novelsclubb.com

***********************************

*********************

قسط: ۲

خواب:

کیا بہت ضروری ہے؟

خواب پوش آنکھوں میں

آنسوؤں کا بھر جانا؟

حسرتوں کے ساحل پر

تتلیوں کا مر جانا؟

حبس کی ہواؤں میں

www.novelsclubb.com

خوشبوؤں کا ڈر جانا؟

دل کے گرم صحرا میں

حشر ہی بپا ہونا؟

کیا بہت ضروری ہے؟

—-----—--**********--------

(عنایا جب یونیورسٹی سے ہوسٹل آتی ہے تو اسے ماہین وہیں بیڈ پر لیٹے روتی ہوئی دیکھتی ہے.. عنایا جلدی سے اُسکے پاس آتی ہے)

"ماہین!!.. کیا ہوا؟ رو کیوں رہی ہو؟.. اللہ خیر کرے پلیز بتاؤ تو سہی.. تم صُبح والی بات پر ناراض ہو گیا؟"

www.novelsclubb.com

پریشانی میں وہ ایک ہی سانس میں سب بول دیتی ہے.۔ جسکے جواب میں ماہین کہتی ہے*

نہیں انو!.. بات وہ نہیں ہے۔۔۔۔

"تو پھر کیا بات ہے؟؟"

"۔۔وہ زرا اصل۔۔۔میرے ماموں نے۔۔میرا رشتہ اُن کے بیٹے بلال سے تہ کر دیا ہے.."وہ روتے روتے اسے بتاتی ہے*

عنایا: کیا؟؟؟؟وہ ایسا کیسے کر سکتے ہیں؟!؟

"اور۔۔اسی مہینے میرا اور۔۔اسکا نکاح رکھ دیا ہے.."وہ ہچکیاں لیتے ہوئے کہتی ہے۔۔

www.novelsclubb.com

"تو تم منہ کر دو!"

"کیسے منہ کر دوں انو تم تو جانتی ہو ماموجان کے کتنے احسان ہیں ہم پر.."

"تم اپنی امی سے بات کرو.. وہ ضرور تمھیں سمجھینگی !"

"نہیں انو ! امی نے تو مجھے صاف صاف کہدیا ہے کے وہ میری شادی ماموں کی پسندہ سے ہی کرائینگی ۔۔اب میں کیا کروں انو.. تم تو جانتی ہو نہ میں ماہر جی کو کتنا پسندہ کرتی ہوں !.."

ماہین کو اور روتے دیکھ عنایا کہتی ہے؛

"اچھا پلیز رونا بندہ کرو ماہی.. سوچتے ہیں کچھ.."

www.novelsclubb.com

*عنایا ماہین کو چپ کرا رہی ہوتی ہے تبھی ماہین کا فون بجتا ہے۔۔وہ آگے بڑھ کر دیکھتی ہے اور پھر اور زیادہ رونے لگتی ہے*

"کیا ہوا؟؟"

"ماموکا میسج آیا ہے انہوں نے کل کی ٹکٹس بھی کرادی ہیں میری.. انو!!

"چھا پہلے تو رو نہیں!۔۔۔ دیکھو مجھے لگتا ہے تمھیں اپنے ماموکو ماہر جی کے بارے میں سب سچ بتادینا چاہیے ہو سکتا ہے کے وہ خود ہی مان جائیں.. "

"ہو سکتا ہے۔۔ لیکن اگر وہ ناراض ہو گئے تو۔۔ میں نہیں چاہتی انھیں میری وجہ سے دُکھ ہو پاپا کے جانے کے بعد انہوں نے ہمارا بہت خیال رکھا کبھی کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دی۔۔ ایسے مے میں کیسے انھیں تکلیف دے سکتی ہوں۔۔"

اسکے آنکھوں سے آنسو نکل کر بہ رہے تھے۔۔ رونے کی وجہ اسکی آنکھیں لال ہو چکی تھیں۔۔*

www.novelsclubb.com

"۔۔میں سمجھتی ہوں ماہی لیکن ساری زندگی تم ایسے رشتے کو کیسے نبھا پاوگی جس میں تم خوش ہی نہیں رہ سکتی۔۔بلال بھائی اچھے ہیں لیکن وہ تمہاری پسندہ نہیں ہیں ایسے میں تم کیسے زنگی گزاروگی۔۔تم تو جیتے جی مر جاوگی نہ ماہی۔۔"

*عنایا اٹھ کر ماہین کے پاس بیٹھتی ہے اور اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کے کہتی ہے۔۔*

"میری بات مانو ماہی ایک دفعہ بس ایک دفعہ انسے بات کرو انھیں سمجھاؤ۔۔پلیز!

"ٹھیک ہے میں وہاں جاتے ہی انسے بات کرونگی.."عنایا کے اتنا سمجھانے پر وہ مان جاتی ہیں لیکن صرف وہی جانتی تھی اسکے لئے یہ سب کرنا کتنا مشکل تھا*

.......................................................................

.......

..اینڈ دی بیسٹ ایکٹر ایوارڈ گوز ٹو... تقی ضیاء احمد!!!...

* تقی گھوڑے گھدے بیچ کر سو رہا ہوتا ہے ابھی وہ خواب میں ایوارڈ لے ہی رہا ہوتا ہے کہ تبھی ضیاء صاحب کی آواز اسکے کانوں سے ٹکراتی ہے اور ایک جھٹکے میں اسکی آنکھیں کھول جاتی ہیں *

ــتقیی... تقی!!ــــ

www.novelsclubb.com

"یہ چنگیز خان کیوں آواز دے رہے ہیں مجھے!?" وہ نیند میں بڑبڑاتا ہے *

"کیونکہ آپ پچھلے 4 گھنٹے سے سو رہے ہیں تقی بھائی!" فاطمہ کو وہاں دیکھ کر وہ اٹھکے بیٹھ جاتا ہے*

"فاتی!۔۔ تم یہاں کیا کر رہی ہو؟"

"اپکو اٹھانے کی کوشش!"

"کیا ہماری پارٹی الیکشن ہار گئی ہے جو اتنا ہنگامہ مچا ہوا ہے.." وہ اپنے اپر سے چادر ہٹاتے ہوئے کہتا ہے*

www.novelsclubb.com

"جی نہیں! لیکن شانِ پاکستان سرزمینِ چین سے سہی سلامت واپس آ چکے ہیں اور آپکو اپنے حُجرے میں طلب کیا ہے.." وہ خالص اردو میں اس سے مخاطب ہوتی ہے جس پر تقی چڑ کے کہتا ہے:

"اووآل پاکستان ریڈیو! آسان الفاظ میں بولو گی تب بھی سمجھ میں آئیگا مجھے!"

"بھائی اردو ہماری قومی زبان اور ہمیں اسکا....." اسکی بات ختم ہونے سے پہلے ہی تقی بول دیتا ہے؛" اچھا بس بس! ابّو کی چمچی! اور چلو ابّو کے نقشے قدم پر دیکھ لینا ایک دن تمھیں فاطمہ جناح بنا کر ہی چھوڑینگے.."

وہ بیڈ سے اُتر کے کھڑا ہوتا ہے *" ویسے بُلا کیوں رہیں ہیں یہ عظیم و شان شہنشاہ اکبر بادشا!.."

www.novelsclubb.com

"آپ ہی کے لئے دبار سجا ہے!.. نیچے تو چلیں.."

"یااللہ خیر!.. اب کیا کر دیا میں نے!؟!!" تقی گھبرا کے بڑبڑاتا ہے *

"چلیں نہ بھائی ابّو نے چیخ چیخ کے سارے شہر کو سر پر اُٹھا رکھا ہے!.."

"چلو!!.."

فاطمہ تقی دونوں نیچے آتے ہیں جہاں سارے گھر والے موجود ہوتے ہیں*

"۔۔تقی!۔۔"ضیاء صاحب بولند آواز سے پکارتے ہیں*

جی ابّو!!?وہ بھی ڈرتے ڈرتے جواب دیتا ہے*

www.novelsclubb.com

"یہ کیا ہے تقی??"ضیاء صاحب اپنے ہاتھ میں پکڑے پیپر کو دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں*

"کاغذ ہے ابّو!"۔۔وہ نارمل انداز میں بولتا ہے*

"وہ تو مجھے بھی دیکھ رہا ہے نالائق لیکن اس میں یہ کیا لکھا ہے !?!.."

ضیاء صاحب لیٹر تقی کی طرف پھینکتے ہیں جسے وہ اُٹھا کے پڑھنے لگتا ہے *

"یہ..وو..ابّو یہ.."اسکی زبان لڑکھڑانے لگتی ہے *

"ارے کیا ہوا ہے مجھے بھی تو بتائیں !"

ربیعہ بیگم آگے بڑھ کر پوچھتی ہیں *

www.novelsclubb.com

"سنیے آپکے لاڈلے کو ایکٹنگ کا شوق سر چڑھ گیا ہے سب چھوڑ چھاڑ کر کراچی

جارہے ہیں یہ جناب.."

ضیاء صاحب کے چلانے پر کمیل تقی کے پاس آتا ہے*

"یہ سب کیا ہے تقی تم نے ہمیں بتایا کیوں نہیں.."

"بھائی ابھی کچھ پکا نہیں تھا اسی لئے.."

"بتاؤ لوگ کیا سوچینگے ex governor ضیاء احمد کا بیٹا شوبیز میں چھوٹے موٹے کردار کر رہا ہے..ارے تھو تھو کرینگے لوگ مُجھ پر..میری ساری ریپوٹیشن مٹی میں مل جائیگی..اور یہ سب اُس نالائق عماد کی وجہ سے ہوا ہے..وہی اسکو یہ سب پٹیاں پڑھاتا ہے.."

www.novelsclubb.com

"ایسا تو مت کہیں ابّو! دوست ہے میرا!" تقی فورن عماد کو ڈیفینڈ کرتا ہے

"لیکن ہے تو نالائق !.."

(این اسی وقت عماد گھر میں آتا ہے..)

"اسلام علیکم انکل !" عماد آتے ہی ضیاء صاحب کو سلام کرتا ہے *

"اب اسے بھی ابھی نازل ہونا تھا!!"۔۔عماد کو وہاں دیکھ تقی سوچتا ہے۔۔

گھر کے حالات دیکھ کر وہ سمجھ جاتا ہے کے آج تو اسکی خیر نہیں

www.novelsclubb.com

"۔۔۔لگتا ہے غلط وقت پر آگیا!"

"ارے آیئے آیئے عزت ماب جناب عماد یوسفی صاحب!...آپ ہی کی بات چل رہی تھی ابھی!!.. حضور اگر جان کی امان پاؤں تو کچھ عرض کرو؟!"۔۔۔ضیاء صاحب تانا دیتے ہوے اس سر بولتے ہیں*

"ارشاد انکل!"وہ بھی بڑی ڈھٹائی سے ارشاد کہ دیتا ہے*

عماد کی بات پر تقی اپنا سر پیٹ کے رہ جاتا ہے"یہ تو گیا بیٹا!!."

"عماد تم نے ہی اسے شوبیز میں گُھسنے کا مشورہ دیا تھا نہ..اب نکالو تم اسکو ان سب چیزوں سے..پتا نہیں کیا خرافات بھر گئی ہے اسکے دماغ میں!"ضیاء صاحب سارا نزلہ عماد کے اپر نکال دیتے ہیں

"انکل! تقی کوئی چھوٹا بچّہ نہیں ہے کہ میں اسے ٹرک کی sorry to say بتّی کے پیچھے لگادونگا اور وہ چلتا بنیگا.. and i think تقی کے ٹیلنٹ کو آپکو بھی سپورٹ کرنا ہی چاہیے۔۔"

"کیا خاک سپورٹ کروں میں ارے لوگ کیا کہینگے..؟! میری عزت کا جنازہ نکل جائیگا.." یہ کہتے ہی ضیاء صاحب اپنا سگار زمین پر پھینکتے ہیں*

"بس ابّو!!..اب بس!.ساری زندگی یہی تو سوچتے آیا ہوں کے لوگ کیا کہینگے... لیکن اب بس لوگ گئے بھاڑ میں وہ کیا کہینگے مجھے اس سے کچھ فرق نہیں پڑھتا!..اور ابّو لوگ نہیں آئینگے میرا کریئر بنانے..اور جس ریپوٹیشن کی آپ

بات کر رہے ہیں نہ آپکو بھی دادا جان کی طرف سے وراثت میں ملی ہے آپ نے خود نے کچھ نہیں کمایا ابّو!..کچھ بھی نہیں!.." تقی بولتے بولتے تھوڑے سخت الفاظ بول دیتا ہے*

" تقی!!!!اررے سالوں لگ جائینگے اسٹار بننے میں..کچھ حاصل نہیں کر پاؤ گے..اور اگر تم نے اسی کے پیچھے بھاگنا ہے تو اس گھر سے نکل جاؤ...ابھی اور اسی وقت!!اور دوبارہ کبھی اپنی شکل نہ دکھانا مجھے!.."ضیاء صاحب چللہ کے کہتے ہیں*

www.novelsclubb.com

"تو ٹھیک ہے!..یہی چاہتے ہیں نہ آپ تو یہی سہی۔۔۔اب میں اس گھر میں تب ہی قدم رکھونگا جب میں کچھ بن جاؤنگا..یہ میرا وعدا ہے..خدا حافظ!۔۔۔۔چل عماد!!"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تقی اپنی کہکے عماد کو لیتا ہے اور چلا جاتا ہے *

"نہیں.. نہیں.. تقی! تقی رُک جاؤ! ضیاء صاحب روکیں میرے بچّے کو۔۔ تقی."ربیعہ بیگم تقی کے پیچھے جاتی ہیں لیکن وہ نہیں روکتا۔۔ضیاء صاحب بھی موں موڑ کے اندر چلے جاتے ہیں۔۔*

(پتا نہیں کیوں باپ اور بچے کی لڑائی میں ہمیشہ ایک ماں ہی پستی ہے کیوں کے نہ وہ اپنے شوہر کو چھوڑ سکتی ہے اپنے بچوں کے لئے اور نہ ہی وہ اپنی اولادوں کو چھوڑ سکتی ہے اپنے شوہر کے لئے کیوں کے دونوں چیزوں میں نقصان اسی کا ہوتا ہے)

............................................................

.......

(عماد اور تقی دونوں اس وقت ڈھابے پر بیٹھے چائے پی رہے تھے)

"ہاں بھئی اب آگے کا کیا پلان ہے تقی؟"عماد تقی کی طرف دیکھ کر سوال کرتا ہے*

"پتا نہیں!"وہ پُر سکون انداز میں سیگریٹ پیتے ہوئے جواب دیتا ہے۔۔

"کیا!!!۔۔۔بیٹا تیرا دماغ ٹھیک ہے تیرے باپ نے تجھے گھر سے باہر نکال دیا ہے اور تو سکوں سے بیٹھا ہے۔۔"

"تو اتنا چللہ کیوں رہا ہے؟۔۔ تیرے سامنے ہی تو ہوا ہے سب۔۔"

www.novelsclubb.com

"تو جس غصّے سے تُو گھر سے باہر نکلا تھا مجھے لگا تھا تیرے پاس کوئی نہ کوئی پلان ہو گا.."

"یہ سب نہ تیرے اُس منحوس کزن کی وجہ سے ہو رہا ہے! نہ وہ لیٹر بھیجتا نہ یہ سب ہوتا! بتاؤ email کرنے کے زمانے میں وہ مجھے لیٹر بھیج رہا ہے اب میں کیا اُس کی لیلیٰ ہوں!!"۔۔

اپنی کہنے کے بعد وہ سیگریٹ زمین پر پھینکتا ہے*

www.novelsclubb.com

"اچھا نا چِل کر اور یہ بتا میرے بھائی اب تو کرنے کیا والا ہے؟؟" عماد اسے relax کرنے کے لئے کہتا ہے*

"کیا مطلب کیا کرنا ہے کل صُبح کی فلائٹ پکڑنی ہے اور سیدھا کراچی.."

"کراچی...اور وہاں جا کے کیا کریگا تو؟!..اور سب سے بڑی بات تُو رہیگا کیسے میرے بھائی ابھی تو تیرے پاس کوئی رہنے کا ٹھکانہ بھی نہیں ہے.."

"ٹھکانے کا کیا ہے وہ تو مل ہی جائیگا..پیسا بُہت! وہ اپنے جیب میں سے کریڈٹ کارڈ نکال کر دکھاتا ہے جس پر عماد کا ریکشن کچھ یوں ہوتا ہے؛

"تجھے کیا لگتا ہے انکل نے اب تک تیرے کریڈٹ کارڈز بلاک نہیں کرائے ہونگے..؟!"

www.novelsclubb.com

عماد کے کہنے پر وہ ہوش میں آتا ہے*

"ارے ہاں یار یہ تو میں نے سوچا ہی نہیں!.. میرے پاس تو اتنے پیسے بھی نہیں ہیں ابھی.."

"بھائی مجھے نہ ابھی تیری حالت دھوبی کے اُس کتےّ جیسی لگ رہی ہے جو نہ گھر کا ہوتا ہے اور نا گھاٹ کا!" عماد ہستی ہوے تانا دیتا ہے*

"ہاں ہاں بد تمیز انسان ہسلے! تو بھی ہسلے بھائی کی غربت پر!"

www.novelsclubb.com

"اچھا فکر نہ کر میں تیرے لئے ٹکٹس کروا دیتا ہوں!"

عماد کہ کہنے پر تقی حیرانی سے اسے دیکھتا ہے*

"ایڈا تو کوئی سخی!۔۔ تو کرائیگا میری ایئر ٹکٹ؟!؟"

"ایئر ٹکٹ!؟!اوہ بھائی اتنا بجٹ نہیں ہے زیادہ سے زیادہ کل صبح کی ٹرین کی ٹکٹ کرا سکتا ہوں..آج رات تو میرے گھر رُ کجا کل کراچی کے لئے نکل جانا.."

"چل ٹھیک ہے اور تھینک یو یار!.."وہ آگے بڑھ کر اسکے گلے لگ جاتا ہے*

"ارے اس میں تھینک یو کی کیا بات ہے مُصیبت میں دوست ہی دوست کے کام اتا ہے اور پھر کل کو تُجھے بھی تو میرے لئے بہت کچھ کرنا ہے..

www.novelsclubb.com

"کتنا تو کوئی ذلیل انسان ہے تُو؟!!." تقی اسکے موں پر ہلکا سا پنچ مرتے ہوئے کہتا ہے*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہاہاہا! چل ابھی۔۔۔

عماد تقی کو اپنے ساتھ لے جاتا ہے*

************************************

*********************

************************************

*********************

www.novelsclubb.com

قسط:٣

سفر:

میں سفر میں تھا،

میں سفر میں ہوں !

مجھے قربتوں کی

خبر کہاں !

جسے راستوں کا

پتا نہی،

اسے منزلوں کی

خبر کہاں !

www.novelsclubb.com

—----—--**********--------

(صبح کے ۵ بج رہے تھے۔۔ سٹیشن پر رش کم ہی تھا ایسے میں وہ دونوں کھڑے ٹرین کے نکلنے کا انتظار کر رہے تھے)

"۔۔۔یار عماد اتنی صبح کی ٹکٹ کرانے کی کیا ضرورت تھی ابھی تو پرندے بھی سو کر نہیں اٹھے۔۔" تقی عماد سے کہتا ہے۔۔"

"کیا کروں بھائی یہی سلوٹ خالی تھا۔۔"

"اچھا عماد امی ابو کو مت بتانا کے میں کہاں ہوں اور میری فیملی میں زیادہ پرابلم ہو تو مجھے کال کرنا اور اگر تُجھے کوئی پرابلم ہو تو مجھے بلکل کال مت کرنا.. میں وہاں busy رہونگا میرے پاس ہر کسی کا کال اٹھانے کا ٹائم نہیں ہو گا.." وہ اپنی شرط کا کولر سہی کرتے ہوے کہتا ہے *

www.novelsclubb.com

"چچ !.. سالے ابھی تک تُو اسٹار بنا نہیں ہے تو تیرے اتنے نخرے ہیں بن گیا تو تُو مجھے بھول ہی جائیگا.. "

"چل نہ ڈرامے مت کر !"

اتنے میں ٹرین کا سائرن بجتا ہے۔۔ تقی جانے کے لئے مڑتا ہے تو عماد کہتا ہے ؛

"اچھا برو اپنا خیال رکھنا !.. اور سن !!.. پلیز وہاں پُہنچ کر ٹیکسٹ ضرور کر دینا.. "

"ہاں ہاں کر دونگا میرے باپ۔۔۔ خدا حافظ ..!!"

تقی کہکے آگے بڑھ جاتا ہے *

www.novelsclubb.com

"اللہ ہی حافظ ہو تیرا !"

*عماد تقی کو سی off کر کے چلا جاتا ہے..اسکے جاتے ہی تقی ٹرین میں چڑھتا جاتا ہے۔۔اپنی سیٹ کے پاس پُہنچکے وہ اپنا سامان اُپر والی جگہ رکھتا ہے اور سیٹ پر بیٹھ جاتا ہے..*

وہ موبائل میں اتنا بزی تھا کے آگے پیچھے کون بیٹھا ہے اُسے پتا ہی نہیں چلتا ابھی وہ نظرے اٹھاکے برابر میں بیٹھی لڑکی کو دیکھتا ہی ہے کہ اسے زور کا جھٹکا لگتا ہے *

"تم!!!???!!!..."سامنے ماہین کو دیکھ کر اسکا دماغ گھوم جاتا ہے وہیں ماہین کا بھی یہی حال ہوتا ہے

www.novelsclubb.com

"تم یہاں کیا کر رہے ہو!?!"

"چنّے بیچنے آیا ہوں!.. تمھیں دیکھ نہیں رہا کیا کر رہا ہوں؟!..oh i forgot تمہیں کیسے دیکھیگا تم تو ہو ہی آندھی۔۔"

"ہاں تم تو ہو ہی چنے بیچنے کے لائق..اور یہ اندھی کیسکو بولا تم نے ہاں؟!؟۔۔"وہ غصے میں اپنی استینیں چڑھا لیتی ہے*

"تمہیں اور کسے !Actually تم خالی آندھی ہی نہیں بلکے چورنی بھی ہو!!!"

وہ بھی غصے میں کھڑا ہو جاتا ہے*

"چورنی!۔۔میں چورنی؟!؟.."

"ہاں تم چورنی!۔۔ایک تو میری گاڑی کی حالت کر دی اور اسکی بعد مجھے اسکے پیسے بھی نہیں دے اور وہاں سے بھاگ گئیں!۔۔you thief!!!"

"آب تم او قات سے باہر ہو رہے ہو!"

"میں already تمہاری اوقات سے بہت باہر ہوں!!"

"مجھے!! مجھے نہ تم سے بات ہی نہیں کرنی!.. بھاڑ میں جاؤ!!!.."

"ہاں تو میں کونسا مر رہا ہوں تمسے بات کرنے کے لئے!" ماہین اپنا سامان اٹھا کے اس کیبن سے باہر چلی جاتی ہے*

"شکر ہے یہ آفت کی پرکالا خود ہی چلی گئی!" وہ اٹھ کے دوبارہ چیک کرتا ہے*" واپس ہی نہ آجائے!۔۔"

www.novelsclubb.com

*ابھی اُسے گئے ہوئے 5 منٹ بھی نہیں ہوئے تھے کہ وہ واپس آتی ہے اپنے ساتھ TC کو لیکر۔۔*

"آیئے TC صاحب !..یہی ہے وہ لڑکا سر جو مجھے تنگ کر رہا ہے.."

"کیوں بھئی یہاں لڑکی کو چھیڑتے ہو ؟!.. بڑی مردانگی چڑھ رہی ہے !"TC صاحب تقی پر غصہ کرنے لگتے ہیں*

"ارے سر جھوٹ بول رہی ہے یہ لڑکی !!!.."

"انکل میری شکل سے لگتا ہے میں جھوٹ بولونگی..؟"ماہین معصوم سی شکل بنا کر کہتی ہے*

www.novelsclubb.com

TC" صاحب آپ اسکی شکل پر نہ جائیں.. یہ تو پاگل لڑکی ہے.. پاگل !۔۔۔
ارے ابھی ابھی پاگل خانے سے بھاگ کر آئی ہے.."

"ہا... میں پاگل ?. تم پاگل !!.. تمہارا پورا خاندان پاگل !.."ماہین ٹکا کے جواب دیتی ہے*

"اے خاندان پر مت جانا ٹھیک ہے نہ !!"

"میں تو جاؤ نگی.. بار بار جاؤ نگی.. پھر کیا کر لو گے تم ہاں ?!?.."

(دونوں ایک دوسرے سے ایک دم سامنے کھڑے آنکھوں میں اکھیں ڈالے ایک دوسرے کو سونائے جا رہے تھے یوں سمجھ لیں کے صرف ہاتھ اپائی کی دیر تھی*

www.novelsclubb.com

"اررے TC سر نکالیں اس لڑکی کو یہاں سے پتا نہیں کہاں کہاں سے لوگ اٹھ کے آجاتے ہیں.."

"میں کیوں نکلوں.. تم. نکلو!!"

"اررے جاؤ!.."

"بس!!!...بہت ہو گیا آپ دونوں کا!.." TC کے چلانے پر دونوں ایک دم خاموش ہو جاتے ہیں*

"مجھے کیا فٹ بال سمجھ رکھا ہے آپ دونوں نے؟ جو کبھی ایک کورٹ میں ڈالتے ہو تو کبھی دوسرے کورٹ میں.. اب اگر آپ دونوں نے جھگڑا کیا تو دونوں کو اٹھا کے ٹرین سے باہر پھینک دونگا میں.. اگر کراچی جانا ہے تو چُپ چاپ بیٹھیں

www.novelsclubb.com

آپ دونو ورنہ پولیس سٹیشن آئیگا اگلے سٹیشن پر اُتر کے ایک دوسرے کے خلاف رپورٹ لکھوا دیجئے گا..تب تک کے لئے چُپ کر کے بیٹھیں!.."

TC۔*صاحب کی باتیں سن کر دونوں اپنی اپنی جگہ واپس بیٹھ جاتے ہیں ظاہر ہے دونو کو جلد سے جلد کراچی پہنچنا تھا*

TC"صاحب آپ تو ناراض......" تقی کچھ بولنے کی کوشش کرتا ہے لیکن TC کی آنکھوں کو دیکھ کر وہ چپ ہو جاتا ہے*

www.novelsclubb.com

۔TC کے جاتے ہی تقی آہستے سے اسے بولتا ہے*"صرف اس TC کی وجہ سے برداشت کر رہا ہوں میں تمہیں.."

"ہاں تو مجھے بھی سارے راستے تمہارا موں دیکھنے کا کوئی شوق نہیں ہے!.."وہ بھی اُسے ویسے ہی جواب دیتی ہے اور پھر دونوں ایک دوسرے سے موں موڑ کر بیٹھ جاتے ہیں*

*پورے سفر میں نہ تقی اُس سے کچھ بولتا ہے نہ وہ اُس سے کوئی بات کرتی ہے ۔۔۔کینٹ سٹیشن پر جیسے ہی ٹرین رُکتی ہے دونوں اپنا بیگ اٹھا کے باہر اتے ہیں۔۔تب تقی اس سے بولتا ہے*

"امید ہے پھر تمہاری شکل زندگی میں کبھی نہیں دیکھنے ملیگی.."

" same pinch!!.. "

(اور یہ بولکے دونو الگ الگ راستوں پر چل دیتے ہیں.. جانے کب یہ راستے ایک ہی منزل پر ان دونوں کو لے آئیں۔۔)

(جاری ہے)

************************************

**********************

## <u>باب "دوم"</u>

www.novelsclubb.com

<u>قسط:۴</u>

<u>دوست اور دوستی:</u>

ہمیں ایک دوست کے،

علاوہ ملا کچھ بھی نہیں!

اور اسی دوست کے،

سوا میرا کچھ بھی نہیں!

عزیز ایسا ہے تو،

میرے لئے اے دوست!

کے جیسے پھول ہے،

خوشبو کی بنا کچھ بھی نہیں!

www.novelsclubb.com

—-------**********--------

*ماہین کو سٹیشن سے باہر آتے ہی سامنے بلال دیکھ جاتا ہے.. جو ماہین کو دیکھتے ہی اسکے پاس آتا ہے*

Hi! کیسی ہو ماہین؟؟* بلال کے پوچھنے پر وہ الٹا ہی جواب دیتی ہے۔۔

"وعلیکم سلام! گھر چلیں؟"

بلال اُسے کچھ کہتا ہے اس سے پہلے ہی وہ اسے اِگنور کر کے گاڑی میں بیٹھ جاتی ہے*

ہاں.. ہاں میں تو تمہارا ہی ویٹ کر رہا تھا پتا ہے.....۔۔۔۔

*اور وہ اپنا ریڈیو سٹارٹ کر چُکا ہوتا ہے.. اور ماہین جلدی سے اپنے ائیر پوڈز اپنے کانوں میں ڈال لیتی ہے*

www.novelsclubb.com

..................................................................

........,.............

(کار پورچ میں رُکتی ہے اور ماہین کار سے اترتے ہی سیدھا فیصل صاحب سے ملتی ہے)

"ماہین میری گڑیا!" فیصل صاحب اگے بڑھکر اسے پیار کرتے ہیں

"ماموجان!!!.." وہ بھی جلدی سے انکے گلے لگتی ہے.. پھر سبین بیگم اسکے پاس آتی ہیں*

www.novelsclubb.com

"امی..!!!!" وہ انسے لپٹتی ہے..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

سب سے ملنے ملانے کے بعد ماہین کہتی ہے؛"ماموجان مجھے آپ سے بہت ضروری بات کرنی ہے.."

"ہاں بیٹا کر لینگے..پہلے اندر تو چلو!.."

(ماہین انکے کہنے پر اندر چلی آتی ہے)

"..ماہی دی!!!..."(تطہیر ماہین کی چھوٹی کزن بھی آ کے اسکے گلے لگتی ہے)

www.novelsclubb.com

"ہیر!!..کیسی ہو؟"

"میں تو بلکل ٹھیک ہوں..آپ بتائیں کیا چل رہا اسلام آباد میں؟"

"پڑھائی کے علاوہ کچھ نہیں چل رہا وہاں پر!"

"..ارے ہٹو بھئی اب مجھے بھی ذرا ملنے دو ماہین سے!.."

کچن سے باہر آتیں سلمہ بیگم سب کو ہٹاتی ہیں*

"مامی جان!.."

"بھئی میں تمہاری پھوپو پہلے ہوں اور پھر مامی ہوں اسی لئے مجھے پھوپو کہا کرو.."

سلمہ بیگم فورن ماہین کو ٹوکتی ہیں*

www.novelsclubb.com

"یہی تو مثلا ہوتا ہے خاندانوں میں شادی کرنے کا..اسی لئے تو میں...."ماہین موقع دیکھ کر بولنے لگتی ہے لیکن تبھی سبین بیگم بول پڑتی ہیں*

"خاندان میں شادی کے فائدے بھی تو اتنے ہی ہیں.."

"ہاں اسی لئے تو ہم نے بلال اور تمہارا رشتہ تہ کیا ہے.."سلمہ بیگم بات مکمل کرتی ہیں*

"اور ہمنے تو شادی کی تیّاریاں بھی شروع کر دی ہے.. جیولری, ڈریس اور...اوہ ڈریس سے یاد آیا میں نے اپنا لہنگا سلنے دینا تھا درزی کو...."

(یہ کہہکے تطہیر اندر بھاگتی ہے)

www.novelsclubb.com

ماہین تو سب کی باتوں کو سنکے اور پریشان ہو جاتی ہے*

"امی مجھے آپ سے بات کرنی ہے.."

"ابھی نہیں ماہین بعد میں.. جاؤ تھوڑا ریسٹ کر لو پھر تمھیں کہاں ریسٹ کرنے ملیگا ویسے بھی کل سے تو مہمان آنے لگ جائینگے گھر میں.. بہت کام ہے بھئی.. جاؤ شاباش!

سبین بیگم اُس کی کچھ سنے بغیر ہی اسے زبردستی روم میں بھیج دیتی ہیں*

.........................................................................

.......

(جب سے وہ آئی تھی سب اسکے ساتھ ہی بیٹھے ہوئے تھے بڑی مشکل سے رات میں اسے موقعہ ملتا ہے اور وہ جلدی سے عنایا کو کال لگا کر سب بتاتی ہے..)

"یہ کیا کہہ رہی ہو تم ماہین!." عنایا غصے میں اسے بولتی ہے*

"تم نے اب تک گھر میں نہی بتایا..ماہین تم جتنا لیٹ کرو گی معملاً اُتنا بڑھ جائیگا.."

"میں کیا کروں انو گھر میں تو سب نے تیاریاں بھی شروع کر دی ہیں..میری تو ہمّت ہی نہیں ہو رہی کسی سے کچھ کہنے کی..میں سوچ رہی ہوں کر لیتی ہوں بلال سے شادی سب خوش تو رہینگے ایٹ لیسٹ.."

"ماہی۔۔تم خود بھی جانتی ہو بلال سے شادی کر کے تم خوش نہی رہ پاؤ گی..اور جس شادی میں خوشی شامل نہیں ہوتی ایسی شادیاں زیادہ ٹکتی نہیں ہیں ماہین..میری بات مانو اور اپنے ماموجان سے بات کرو.."

www.novelsclubb.com

"انو پلیز تم آ جاؤ یہاں مجھے تمہاری ضرورت ہے.. "ماہین روتے ہوئے کہتی ہے *

"میں آ جاتی ماہی اگر پیپرز نہیں چل رہے ہوتے..but i promise پیپرس کے فورن بعد میں تمہارے پاس آ جاؤ نگی.. فلحال تم اپنے ماموسے بات کرو.. "

"ہمم !!! "عنایا سے بات کرنے کے بعد اس میں تھوڑی ہمت آتی ہے اور وہ سوچ لیتی ہے کے اب چاہے کچھ بھی ہو جائے وہ جلد سے جلد فیصل صاحب سے بات کریگی *

www.novelsclubb.com

..............................,...........................,....,

...........,.,...........

(تقی کو پورے دن کی محنت کے بعد فائینلی ایک اپارٹمنٹ کرائے پر مل ہی جاتا ہے..ابھی وہ اپنا سامان سیٹ کر کے بیٹھا ہی ہوتا ہے کہ کمیل کی کال آتی ہے اسکے پاس)

"ہیلو!" تقی اپنی تھکن بھری آواز میں بولتا ہے*

"ہاں تقی کہاں ہو تم؟..تم جانتے بھی ہو کے تمہارے جانے کے بعد کیا ہوا ہے گھر میں.۔" کمیل ایک ساتھ ہی تقی پر پھٹ پڑتا ہے*

www.novelsclubb.com

"کیا ہو گیا بھائی؟!۔۔wait let me guess!ضیا صاحب نے پارٹی چھوڑ دی!۔۔یا پھر فاطمہ نے اپکی گاڑی ٹھوک دی یا کہیں رفت بی نے دوبارہ شادی تو نہیں کرلی؟!؟"وہ ہستے ہوئے کہتا ہے۔۔

"Shut up تقی!۔۔تم کبھی سیریئس نہیں ہو سکتے نہ؟!" کمیل تقی کو ڈانٹا ہے*

"کیا ہو گیا۔۔کوئی قیامت تو نہیں آئی نہ...اور ویسے بھی میں گھر سے خود سے نہیں گیا تھا نکالا گیا تھا.. خیر آپ بتائیں کیا ہوا..چنگیز خان کا غصّہ کم ہوا؟"

"وہ تو ٹھیک ہیں لیکن امی کی طبعیت ٹھیک نہیں ہے تقی.." کمیل دھیمی آواز میں کہتا ہے*

www.novelsclubb.com

"کیوں؟!..کیا ہوا انھیں..اپ انھیں ہسپتال لیکر گئے تھے؟؟" تقی پریشان ہو جاتا ہے*

"زیادہ پریشانی کی بات نہیں ہے bp ہائے ہو گیا تھا انکا ابھی کلینک سے چیک اپ کروا کر لایا ہوں.."

"بھائی خیال رکھیے گا انکا!"

"میں رکھ رہا ہوں لیکن تم تو جانتے ہو تقی وہ تمہارے علاوہ کسی کی نہیں سنتی.."وہ ایک لمبی سانس ہوا میں چھوڑتا ہے*

"خیر یہ بتاؤ کہ تم ہو کہاں؟"

www.novelsclubb.com

"میں ۔۔۔ میں کراچی میں ہوں بھائی!"


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تقی کے بتانے پر کمیل ایک دم غصے میں آجاتا ہے *"کراچی ?!.. تمہارا دماغ ٹھیک ہے تقی ؟؟!. کراچی میں کیا کر رہے ہو تم..?..اور پیسے کہاں سے آئے تمہارے پاس..۔

"وہ دوست سے اُدھار لیا ہے.. نوکری ملتے ہی لوٹا دونگا.. "

"ابھی کہاں ہو تم?"

"تھوڑے سے پیسے تھے میرے پاس اس سے اپارٹمنٹ کرائے پر لیا ہے.اُسی میں ہوں.."وہ بھی تفصیل سے کمیل کو سب کچھ بتاتا ہے۔۔*

"اچھا اپنا ایڈریس ٹیکسٹ کرو مجھے۔۔"

"کرتا ہوں تھوڑی دیر میں"وہ بیزاری سے بولتا ہے*

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

۔ تقی کی ایسی آواز سن کر کمیل بولتا ہے؛ میں کچھ پیسے بھجوادوں تقی؟!؟

"جی نہیں شکریہ اپکا بہت بہت.. آپکے والدِ محترم کو پتا چل گیا کہ میں نے اپ سے پیسے لئے تھے تو وہ میری عزت کا جنازہ نکال دینگے.. اسی لئے بہتر ہے کے آپ اپنے پیسے اپنے پاس ہی رکھیں.. ڈھونڈ رہا ہوں نوکری.. جلد ہی ملجا ئیگی.."

"اور تب تک کا گزارا کیسے کروگے..؟؟"

"کچھ نہ کچھ کر لونگا میں.. اُسکی فکر نہ کریں آپ.. بس امی کا خیال رکھیں!"

یہ کہ کر تقی کال کٹ کر دیتا ہے.. وہ اتنا تھک گیا تھا کہ وہیں کاؤچ پر سو جاتا ہے*

www.novelsclubb.com

***********************************

********************

(ماہین جب صُبح اُٹھ کے نیچے آتی ہے تو اسے ڈرائنگ روم سے کچھ جانی پہچانی آوازیں سنائی دیتی ہیں وہ جیسے ہی وہاں جاتی ہے تو سامنے کا منظر دیکھ کے اسکی چیخیں نکل جاتی ہیں..اور اسکے موں سے بس ایک ہی نام نکلتا ہے)

.....انو!!!....

www.novelsclubb.com

عنایا جلدی سے اسکے گلے لگتی ہے*"Surprise!"

"تم یہاں کیسے ؟؟"ماہین کنفیوز سی کھڑی اسے دیکھ رہی ہوتی ہے *

"تم نے کہا تھا نہ تمھیں میری ضرورت ہے لو میں آگئی !!.."

"تم سچ میں آگئی ?!!..یہ !!!..."ماہین ہوش میں آتی ہے اور عنایا گلے سے لگاتی ہے *

"اررے آرام سے لڑکیوں !.."دونوں کے چلانے پر سبین بیگم ٹوکتی ہے *

"چلو میرے کمرے میں چلتے ہیں !.."

www.novelsclubb.com

*ماہین اسے اپنے کمرے میں لاتی ہے اور ڈور بندہ کر دیتی ہے۔۔

"ماہی تم ٹھیک ہو نہ ?"ماہین کو اچانک خاموش ہوتا دیکھ عنایا پوچھتی ہے *



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"تم آگئی اب مجھے کوئی فکر نہیں ہے!... ویسے سچ سچ بتاؤ کیسے آ گئی تم یہاں؟"

"بھی رات میں تمہاری کال کے بعد سر فیزان نے گروپ پر نوٹس ڈالا کے کچھ ڈفعالٹس کی وجہ سے پیپرز نہیں ہو سکتے ہیں اسی لئے پیپرز ایک مہینہ پوسٹ پونڈ ہو گئے ہیں.. پھر کیا تھا میں نے پکڑی بس اور آ گئی تمہارے پاس!!.."

"ارے واہ مطلب میں بھی پیپرز دے سکتی ہوں؟!!" ماہین خوشی سے چہکتی ہے*

www.novelsclubb.com

"ہاں! اچھا سنو تم نے اپنے ماموں سے بات کی ماہی؟"

"نہیں! ابھی نہیں کی.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"تو کب کرو گی ماہین؟ دیکھو ابھی ماہر جی کو بھی ٹائم ہے واپس آنے میں تب تک کیسے روکو گی اپنی فیملی کو اس شادی سے..؟؟"

"پتا نہیں انو مجھے تو کچھ سمجھ نہیں آرہا.. یہاں کوئی میری بات سننے کے لئے تیّار ہی نہیں ہے اُپر سے ماہر جی کا فون نہیں لگ رہا ہے.."

"ہو سکتا ہے وہ کہیں بزی ہوں ورنہ وہ تمھیں اب تک کال کر لیتے..اچھا سنو ماہی کسی کو نہ سہی لیکن atleast تمھیں اپنے ماموں کو تو یہ بات بتانی ہو گی.."

www.novelsclubb.com

"ٹھیک کہہ رہی ہو انو! لیکن میں کیا کروں جب بھی انکے سامنے جاتی ہوں مجھ سے بولا ہی نہیں جاتا مجھے ڈر لگتا ہے کے کہیں وہ مجھ سے ناراض نہ ہو جائیں۔۔انہوں نے

ہمیشہ مجھے اپنی بیٹی سمجھا ہے پھر میں ایک بیٹی ہو کے کیسے اپنے باپ کو تکلیف پہنچا سکتی ہوں !! میں کیا کروں انو ؟! ۔۔۔ میں کیا کروں ؟؟ ۔۔۔"

ماہین کو روتا دیکھ عنایا کے بھی آنسوں آجاتے ہیں*

"Don't worry ماہی میں ہوں نہ تمہارے ساتھ ! ہم مل کر اس مصلے کا حل نکالینگے !!"

..........................,.....,...............................

...............,........

www.novelsclubb.com

(سلمہ بیگم, سبین بیگم اور فیصل صاحب گارڈن میں بیٹھے چائے پی رہے ہوتے ہیں اور وہیں پاس میں عنایا اور واک کر رہے ہوتے ہیں)

"ماہی یہی سہی موقعہ ہے سب کو سچ بتانے کا!..."

ماہین کے ساتھ چلتی عنایا آہستے سے کہتی ہے*

"اننو اس وقت تو سب ساتھ بیٹھے ہیں ایسے میں میں کیسے کہ دوں؟"

ماہین بھی اسی کی طرح آہستے سے بولتی ہے*

www.novelsclubb.com

"اسی لئے کہ رہی ہوں ماہی ابھی ہی سب کو سچ بتا دو!"

"مجھے ڈر لگ رہا ہے انو! میری اس بات سے سب کو بہت تکلیف ہو گی"

"ایک بار کی تکلیف بار بار کی تکلیف سے اچھی ہوتی ہے ماہین؛"

عنایا کی باتیں مہیں کو کچھ سمجھ آتی ہیں اور وہ چلتے ہوئے سیدھا فیصل صاحب لوگوں کے پاس جاتی ہے *

"ارے ماہین آؤ بیٹھو چائے پیو ہمارے ساتھ.."

ماہین کو وہاں دیکھ فیصل صاحب کہتے ہیں *

"ماموجان مجھے آپ سے کچھ ضروری بات کرنی ہے!"

www.novelsclubb.com

"ارے ضروری بات سے یاد آیا میں پوچھنا ہی بھول گیا.. سبین نکاح میں کھانے میں بریانی کے ساتھ اور کیا رکھنا ہے بتادو تو میں کیٹرنگ والے کو بولوں.."

"قورمہ کر لیتے ہیں اور میٹھے میں رسملائی.. کیسی رہیگی بھابی!?.."سلمہ بیگم فورن مشورہ دیتی ہے جس پر سبین بیگم فورن ہامی بھرتی ہیں*

"ہاں یہ اچھا ہے..."

www.novelsclubb.com

ماہین کو سب کی باتوں سے کوفت ہورہی تھی۔۔ایک دم وہ چِلاکے بولتی ہے*

"بس کیجئے آپ لوگ!..میں کب سے آپ لوگوں سے کہہ رہی ہوں کے مجھے بُہت امپورٹنٹ بات کرنی ہے آپ لوگوں سے... لیکن کوئی میری سن ہی نہیں رہا!"

"کہو ماہین کیا ہوا..Meneu پسندہ نہیں آیا تمھیں?"فیصل صاحب مسکرا کے پوچھتے ہیں*

"Meneu کی بات نہی ہے ماموجان.." وہ آہستے سے کہتی ہے *

"تو پھر کیا بات ہے بیٹا؟" ہس بے معمول سلمہ بیگم بھی اپنا حصّہ ڈالتی ہیں *

"ماموں میں بلال کے ساتھ شادی نہیں کر سکتی..!!" وہ ایک ہی سانس میں سب کچھ کہہ دیتی ہے *

"ماہین!!!.." سبین بیگم فورن غصے میں ماہین پر چلاتی ہیں *

www.novelsclubb.com

"یہ تم کیا کہہ رہی ہو ماہین؟!.."

"سوری ماموجان!.. لیکن میں یہ شادی نہیں کر سکتی!"

"لیکن کیوں؟ کوئی تو وجہ ہو گی نہ.. ایسے کیسے شادی ختم کر دیں.. بولو!" سلمہ بیگم ماہین کے پاس آ کر پوچھتی ہیں*

"میں... میں کسی اور کو پسند کرتی ہوں.. اور اسی سے شادی کرنا چاہتی ہوں!"

ماہین کی باتیں سن کر سبین بیگم کو اور غصّہ آتا ہے*"یہ کیا کہہ رہی ہو تم ماہین ہوش میں تو ہو تم??!!!"

--امی..!

www.novelsclubb.com

"نام کیا ہے اس لڑکے کا???" فیصل صاحب اپنا غصّہ کنٹرول کرتے ہوئے بھاری آواز میں پوچھتے ہیں*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"بھائی جان..!"سبین بیگم انھیں روکتی ہیں*

"نہیں!۔۔۔یہ میری اور ماہین کی بات ہے کوئی اور بیچ میں نہیں بولیگا.."

'..ماہر!!..ماہر نام ہے انکا!..بُہت.. بڑے کارڈیولوجسٹ ہیں..اور خاندان۔۔۔۔"

ماہین انھیں بتانے لگتی ہے تو وہ اسکی سنے بغیر کہتے ہیں*

"بس۔۔بس! مجھ اسکی پوری ہسٹری نہیں جاننی ہے ہمیں!۔۔۔اگر وہ اتنا ہی پسندہ کرتا ہے تمہیں تو رشتہ کیوں نہیں لکیر آیا اب تک..

www.novelsclubb.com

"رشتہ..وہ..ا..وہ تو چاہتے تھے رشتہ لانا.. لیکن انھیں کسی کام سے آسٹریلیا جانا پڑھ گیا۔۔"

"ابھی کہاں ہے وہ؟"

"آسٹریلیا.. میں!"

"ٹھیک ہے پھر اس سے کہو کے تین دن میں اگر ہم سے ملے ورنہ تمہیں بھول جائے.."

"تین دن!! لیکن تین دن میں کیسے۔۔۔۔۔" ماہین ایک دم بولتی ہے تو جلدی سے عنایا کوور کرتی ہے *

"اسکا مطلب ہے جی کیوں نہیں! ضرور آئینگے وہ!! بلکل ملینگے وہ آپ سے!!"

www.novelsclubb.com

"یہ آپ کیا کر رہے ہیں فیصل صاحب شادی کے کارڈز پورے خاندان میں تقسیم ہو چکے ہیں ایسے میں آپ رشتہ ختم کر رہے ہیں.."سلمہ بیگم اکھڑے ہوئے انداز میں کہتی ہیں*

"ابھی تک رشتہ ختم نہیں کیا ہے میں نے!..میں پہلے اُس لڑکے سے ملونگا.. دیکھونگا کے وہ ماہین کے لائق ہے یا نہیں اور پھر ہی کچھ فیصلہ کرونگا.۔۔تب تک کے لئے سب خاموش رہیں.."

*یہ کہکے فیصل صاحب سیدھا اپنے روم میں چلے جاتے ہیں۔

www.novelsclubb.com

(سبین بیگم ماہین کا ہاتھ پکڑ کے انکے کمرے میں لیکر آتی ہیں)



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"یہ سب کیا ڈرامہ ہے ماہین..? تم جانتی بھی ہو تم کر کیا رہی ہو۔۔ تمہاری ان باتوں سے سب پر کیا اثر ہو گا اندازہ بھی ہے تمہیں۔۔ صُبح سے ویسے ہی بھائی جان کا bp بڑھا ہوا تھا اب اگر تمہاری باتوں کی وجہ سے انکی طبیعت خراب ہو گئی نہ ماہین تو میں تمھیں چھوڑونگی نہیں!

"اور جو میری زندگی خراب ہو رہی تھی امی اسکا کیا.. میں مانتی ہوں ابّو کے جانے کے بعد ماموجان نے ہمارا بہت کیا لیکن اسکا یہ مطلب تو نہیں ہے کے میں انکی کوئی پرائیویٹ پراپرٹی بن گئی ہوں جسے وہ جب چاہیں گے کسی اور کے نام لکھ دینگے.."

اپنی باتوں میں وہ تھوڑے سخت الفاظ استعمال کر لیتی ہے*

www.novelsclubb.com

"ماہین!!!!!"ایک زوردار تھپڑ سبین بیگم ماہین کو مارتی ہیں*"میں نے تمہاری ایسی تربیت تو نہیں کی تھی کے تم یہ سب کرتی پھرو...."

"امی...."

"بس! مجھے آب تمہاری کوئی بات نہیں سنی..اور میری بات کان کھول کے سنلو ماہین تمہاری شادی ہو گی تو صرف بلال سے ورنہ کسی سے نہیں!!"

(سبین بیگم وہاں سے چلی جاتی ہیں اور پیچھے کھڑی ماہین سر پکڑ کر بیٹھ جاتی ہے)

www.novelsclubb.com

...........................................................................

.......

(رات گہری ہوتی جا رہی تھی اور ماہین کی ٹینشن بھی.. عنایا بھی اس کے ساتھ ہی جاگ رہی تھی)

"ماہی ٹینشن مت لو۔۔ سب ٹھیک ہو جائے گا!" عنایا اسے relax کرنے کی کوشش کرتی ہے*

"کیسے ٹھیک ہو گا انو.. ہمارے معشرے میں لڑکیوں کی اپنی پسند کی شادی کو غلط کیوں سمجھا جاتا ہے۔۔ کیوں لڑکیاں ہی غلط ہوتی ہیں اگر لڑکے اپنی پسندہ کی شادی کریں تو تو کوئی کچھ نہیں کہتا تو پھر کیوں جب کسی لڑکی کو پسندہ کی شادی کرنی ہوتی ہے تو لوگوں کی غیرت جاگ جاتی ہے۔۔ کیوں لڑکے آوارہ حرکتیں کریں تو وہ

www.novelsclubb.com

cool! اور اگر لڑکیوں کو گھر آتے رات میں تھوڑی سی بھی دیر ہو جائے تو وہ آوارہ۔۔آخر معشرے کے سارے اصول لڑکیوں کے لئے ہی کیوں ہیں! اور گھر کی عزت صرف لڑکیاں کیوں ہوتی ہیں۔۔مجھے نہ یہ اصول سمجھ ہی نہیں آتے۔۔اور کبھی آئینگے بھی نہیں!۔۔۔

(عنایا اُسے گلے لگاتی ہے)

"سب ٹھیک ہو جائیگا ماہی۔۔بھروسہ رکھو!"

"فکر اس بات کی نہیں ہے مجھے کے امی مانیگی یا نہیں۔۔فکر اس بات کی ہے کے اب ماموجان کو ملاؤنگی کس سے؟ ماہر جی کا فون نہیں لگ رہا اور اتنی جلدی وہ کیسے یہاں

آئینگے۔۔اگر ماموکوماہر جی سے نہ ملایا تو وہ میری شادی بلال سے کرادینگے۔۔"وہ اپنا سر پکڑ کر بیٹھ جاتی ہے*

"ماہی ایک آئیڈیا ہے!"

"کیا؟؟"

"کیوں نہ ہم کسی اور کو ماہر جی بنا کر ماموسے ملوادیں!!..اس سے ماموکو یقین بھی ہو جائے گا اور شادی بھی ٹل جائیگی!۔۔بعد میں تم انھیں اصلی والے ماہر جی سے میلوادینا!"

www.novelsclubb.com

پلان تو اچھا ہے لیکن۔۔۔لڑکا آئیگا کہاں سے؟؟؟؟

"میرے ایک کزن ہوتے ہیں کراچی میں.. میں ان سے بات کرتی ہوں! وہ ضرور ہماری ہیلپ کرینگے تم فکر مت کرو!

جاری ہے!

************************************

**********************

قسط:۵

کھیل:

کچھ کھیل زندگی

ہم سے کھیلتی ہے،

www.novelsclubb.com

کچھ ہم خود

سے کھیلتے ہیں،

اور کچھ قدرت

ہمارے ساتھ کھیلتی ہے!

کچھ برباد کرتی ہے

کچھ آباد کرتی ہے،

یہ ایسے ایسے کھیل

ہمارے ساتھ کھیلتی ہے!

www.novelsclubb.com

—---—--**********--------

(وہ آدھا کاؤچ پر اور آدھا زمین پر گرے ہوئے سو رہا ہوتا ہے کے تبھی اسکا فون بجتا ہے.. فون کے بار بار بجنے پر آخر تنگ آ کر وہ کال اٹھا کے۔۔. موبائل کان پر رکھتا ہے)

"۔ہ.یلو..!"آنکھیں بند کیے وہ نیند میں بڑبڑاتا ہے*

"...ہیلو تقی!..کہاں مر گیا تھا تو؟؟ کبسے کالز کر رہا ہوں.."دوسری طرف عماد کے چلانے کی آواز آتی ہے*

"کیا ہے عماد؟؟۔ کیوں صُبح صُبح کال کر کر کے نیند حرام کر رہا ہے میری.."

"صُبح؟؟؟!بیٹا آنکھیں کھول کر گھڑی میں ٹائم دیکھ ۱۲ بج رہے ہیں۔۔۔!!یاد ہے نہ تیری ۱ بجے میٹنگ ہے ڈائریکٹر کے ساتھ.."


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

یہ بات سنتے ہی وہ فورن اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے *"اوہ شیٹ !!.. میں تو بھول ہی گیا تھا..اچھا کیا تو نے کال کی مجھے.. "

"دیکھ بھائی میں نے بڑی مشکل سے اپنے کزن کو بول کے تیرا رول اُسکی شارٹ فلم میں ڈلوایا ہے خدا کا واسطہ کوئی مثلانہ کریں!"

"اچھا تو فون رکھے گا تو جاؤ نگا نہ.. "

www.novelsclubb.com

"چل ٹھیک ہے !.. "

دوسری طرف سے کال فورن کاٹ دی جاتی ہے۔۔ عماد سے بات کرنے کے بعد وہ جلدی سے کھڑا ہو جاتا ہے *

"چلو بھئی تقی لگ جاؤ کام پے!"

وہ اپنے آپ سے کہہ کر ریڈی ہونے چلا جاتا ہے*

.........................................................,.....

.........

(اگلے دن صُبح ہوتے ہی سبین بیگم زبردستی ماہین کو بلال کے ساتھ مال بھیجتی ہیں۔۔ماہین بھی ساتھ عنایا کو لے لیتی ہے۔۔)

www.novelsclubb.com

ابھی بھی وہ لوگ مال میں ہی تھے۔۔اور پچھلے ایک گھنٹے سے ایک شاپ سے دوسرے شاپ گھوم رہے ہوتے ہیں ہیں لیکن اب تک کوئی شاپنگ نہیں ہوئی ہوتی جب کہ بلال کی بولتی بندہ ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی *

"یار انو پلیز اسے چپ کراؤ!!۔۔اب تو میرے کانوں سے دھواں نکلنے لگا ہے۔۔!" ماہین چڑ کے عنایا کے کان میں بولتی ہے *

"اچھا میں کرتی ہوں کچھ۔۔" وہ بھی اسے آہستے سے بولتی ہے *

www.novelsclubb.com

عنایا آگے بڑھکر ایک شاپ سے پانچ چھ شیر وانیاں اٹھاتی ہے۔۔۔اور بلال کے پاس آکے کہتی ہے؛

"بلال بھائی یہ شیر وانیاں ٹرائے کریں نہ جو آپکو آجائے وہ ہم خرید لینگے!"

"ہاں یہ ٹھیک ہے لاؤ!"

*دونو بلال کو چینجنگ روم میں چھوڑ کر شاپ سے باہر نکل جاتی ہیں*

"اف شکر ہے انسے جان تو چھوٹی! اچھا انو کچھ پتا چلا تمہارے کزن کا..؟"

"ہاں بات ہوئی تھی میری ان سے!"

"اچھا پھر انہوں نے کیا کہا وہ کرینگے ہماری مدد؟؟" ماہین امید بھری آنکھوں سے عنایا کو دیکھتی ہے*

www.novelsclubb.com

"یار ماہین وہ تو۔۔۔" عنایا بولتے بولتے رک جاتی ہے*

"کیا ہوا بتاؤ نہ؟؟؟"

"یار ماہی وہ دبئی چلے گ ۓ واپس.. "عنایا آرام آرام سے بتاتی ہے *

"کیا؟؟ اب کیا ہو گا اگر ماموجان کو ماہر سے نہین ملایا تو وہ میری شادی بلال سے کرواہی دینگے.. "عنایا کی بات سن کر ماہین فورن پینک کر لیتی ہے *

"تم سوچو تمہاری نظر میں کوئی لڑکا نہی ہے کیا.. ؟؟"

"اررے اگر کوئی ہوتا تو پہلی فرست میں اسے ماموسے ملوادیتی چاہے وہ اندھا ہی کیوں نہ ہوتا.. "

"اچھا تم فکر مت کرو میں سوچتی ہوں کچھ.. "

www.novelsclubb.com

(ماہین ابھی بات کرتے ہوئے باہر ہی آرہی ہوتی ہے جب وہ کسی سے زور سے ٹکراتی ہے)

"" I am So sorry...."ماہین بغیر دیکھے سوری بولتی ہے لیکن جیسے ہی وہ سامنے کھڑے انسان کی شکل دیکھتی ہے اسکا پارا ساتھویں آسمان پر چڑھ جاتا ہے;"......تم!!!..??!!!!"

سامنے کھڑے شخص جو اور کوئی نہیں بلکے تقی ہی تھا اسکی بھی کچھ یہی حالت ہو رہی ہوتی ہے*

"تم! یہاں بھی آگئی!.."

"سچ سچ بتاؤ!.. پیچھا کر رہے ہو نا میرا؟!"ماہین غصے میں اس سے پوچھتی ہے*

"میں کیوں بھلا تمہارا پیچھا کرونگا۔؟!۔۔تم میں کونسا سُرخاب کے پر لگے ہیں!اور ایک بات تو بتاؤ یہ ٹکریں مارنا تمہاری بچپن کی عادت ہے یا مجھے دیکھ کے out of controlہو جاتی ہو؟؟!؟!!" تقی اپنا حساب برابر کرتا ہے*

"میں تمہیں.....!!!۔۔۔۔"ابھی مہیں کچھ بول ہی رہی ہوتی ہے کے تقی اسکی سنے بغیر کہتا ہے؛

"جاؤ یار میرا موڈ نہیں ہے تمسے لڑنے کا..!"

www.novelsclubb.com

(تقی ماہین کے پاس کھڑا ہوتا ہے تبھی پیچھے سے ایک بندا تقی کے پاس اتا ہے)

"۔۔سنو تقی!.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"ہاں ساجد بھائی کچھ بناadvance پیسوں کا?" تقی اس بندے سے پیسوں کی بات کرتا ہے*

"یار تقی ابھی تو بہت مشکل ہے ویسے ہی شارٹ فلم کا بجٹ کم ہے اُپر سے ابھی فلم ریلیز بھی نہیں ہوئی تو پیسے ملینگے بھی تو کچھ مہینوں بعد.. "

ڈائریکٹر کی بات سن کر تقی ٹینشن میں آجاتا ہے؛"کیا?..تب تک میں کیسے رہونگا بھائی..آپ جانتے ہیں ابھی میرے پاس ایک روپیہ نہیں ہے!"

"سوری یار ابھی تو کچھ نہی ہو سکتا!"

*ساجد بھائی یہ کہکے چلے جاتے ہیں جبکہ یہ سب سنکے عنایا کے دماغ میں ایک آئیڈیا آتا ہے وہ ماہین کو پکڑ کر ایک کونے میں لاتی ہے۔۔۔

"ماہین میرے پاس ایک پلان ہے.. تمھیں ایک فیک boyfriend ہی چاہیے تھا نہ.. تو کیوں نہ تم اس سے کہو کے یہ کچھ دنوں کے لئے..."

ابھی عنایا کی بات پوری بھی نہی ہوئی تھی کے ماہین بولتی ہے؛

..Nooo.....No...noo..!!

وہ فورن سے بھی پہلے منہ کر دیتی ہے*

www.novelsclubb.com

"ارے ماہی بات تو۔۔۔"۔۔۔۔۔

"پاگل ہو گئی ہو تم.. یہ!۔۔ یہ بنیگا میرا بوئیفرینڈ!! اس سے اچھا تو میں ماموکو سچ ہی بتادوں.. یا پھر ایک اچھا سا پنکھا دیکھ کر اپنے گلے میں رسی ڈال کر لٹک جاؤں!

"ماہین!!۔۔میں سچ کے رہی ہوں اس وقت تمہارے پاس اسے اچھا آپشن نہیں ہے..میری بات مانو کچھ دنوں کی ہی بات ہے.."

"کچھ دنوں میں اسے ایک منٹ برداشت نہیں کر سکتی!!"

ماہین تقی کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے*

"ٹھیک ہے تو پھر کرلو بلال سے شادی!۔۔کیوں کہ اب تمھیں کوئی نہیں بچا سکتا سوائے تقی کے!"

"لیکن!..۔۔۔۔"

"ماہی!.."

وہ کچھ سوچتی ہے اور پھر پلٹ کر واپس تقی کے پاس آتی ہے جسے دیکھ کر تقی کہتا ہے؛

"اب کیا ہے تمھیں؟.؟؟؟"

"ایکٹنگ کرو گے میرے لئے؟" وہ ڈائریکٹ اس سے پوچھتی ہے*

ایکٹنگ!؟ کیوں تم کوئی ڈائریکٹر ہو پروڈیوسر ہو؟..'

www.novelsclubb.com

ماہین پیچھے مڑ کے عنایا کو دیکھتی ہے جو مُسل سل اُسے کول رہنا کا اشارہ کر رہی ہوتی ہے*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"ہان ! تم بس اتنا بتاؤ کے کرو گے یا نہیں؟"

"ویسے سٹوری کیا ہے.. "وہ بھی مزے لینے کے لئے پوچھتا ہے*

"میری سٹوری ہے جسکی ڈائریکٹر اور پروڈیوسر دونوں میں ہی ہوں.."

"تو پھر ایک کام کیوں نہیں کرتی ایکٹنگ بھی تم خود ہی کر لو..مجھے کوئی شوق نہیں ہے تمہارے لئے کام کرنے کا سوری!.."

www.novelsclubb.com

تقی یہ کہکے مڑتا ہے کہ تبھی ماہین کہتی ہے؛

"پیسے ملینگے..!"

ماہین کی بات پر وہ واپس اس تک آتا ہے *

"کتنے ??"

"دس! دس ہزار ٹھیک رہیگا نہ ?" وہ عنایا کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے *

"دس ہزار ؟! بیٹا خدمتِ خلق فاؤنڈیشن نہیں کھول رکھی میں نے۔۔ دس ہزار میں تو آجکل کرائے پر گھر نہیں ملتا اور تمھیں ایکٹر چاہیے..."

www.novelsclubb.com

"تو چاہتے کیا ہو ؟؟.."

ماہین کے چلا کے پوچھنے پر وہ ایک دم بولتا ہے ؛

"پچاس!.."

"پچ۔۔۔پچاس!دماغ ٹھیک ہے تمہارا؟..زیادہ سے زیادہ تیس اس سے  زیادہ ایک روپیہ نہیں دونگی میں..!ویسے بھی اس سے زیادہ کی اوقات نہیں ہے تمہاری!"

"یہ میری اوقات کا ڈسکشن کہاں سے آگیا بیچ میں?!"

"exactly!جو چیز ہے ہی نہیں اسکے بارے میں ڈسکسس کیا کرنا"

www.novelsclubb.com

"اب یہ زیادہ ہو رہا ہے!!۔"

*دونوں کو لڑتے دیکھ عنایا وہاں آتی ہے*


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

guys..!guys کیا کر رہے ہو یار !۔۔لڑنا بند ہ کر و لوگ د یکھ ر ہے ہیں !

!۔۔ چلو فوڈ کورٹ میں چل کے بات کرتے ہیں !!

(تینوں فوڈ کورٹ میں جا کے بیٹھتے ہیں۔۔۔ تقی اور ماہین ایک د و سر ے کو گھور نا بند ہ ہی نہیں کرتے تو عنایا کہتی ہے )

"کام کی بات کریں پلیز !۔۔۔"

(عنایاماہین کو اشارہ کرتی ہے جس پر وہ تقی کو سب کچھ بتاتی ہے )

"ہمم تمہاری سٹوری سن کے ایسا لگتا ہے جیسے تمہارے ماموجان کوئی انڈین مووی کے ویلن ہوں.." تقی ہسنے لگتا ہے *

www.novelsclubb.com

"اب ایسا بھی نہیں ہے..!"ماہین اسکے ہسنے پر فورن غصہ کرتی ہے لیکن پھر عنایا کو دیکھ وہ غصہ کنڑول کرتی ہے*

"خیر کل شام تمھیں میرے گھر آنا ہے اور راموسے ملنا ہے..اور ہاں تمھیں ان پر ایسا امپریشن ڈالنا ہے جس سے انھیں یقین ہو جائے کے تم واقعی میرے بوئیفرینڈ ہو اور سنو کچھ ڈھنگ کا پہن کے آنا پلیز۔۔۔"

Excuse me "!یہ ڈھنگ کا سے کیا مطلب ہے تمہارا؟"

www.novelsclubb.com

"کچھ بھی پہنّا پر at least یہ تو مت ہی پہنّا..۔!"ماہین موں بنا کر اسکی پھٹی ہوئی جینس اور ریڈ کلر کی t-shirt کو دیکھتی ہے*

"کیوں بھئی..اس میں کیا بُرائی ہے؟"

"کیونکہ میں نے انسے کہا ہے کہ تم کافی امیر ہو..اسی لئے اور ہاں ایک کار بھی رینٹ پر لے لینا میں تمہیں اسکے پیسے الگ سے دے دونگی.."

"ابھی اتنا بھی کنگال نہیں ہوا میں خود پے کر دونگا.."

"کوئی ضرورت نہیں ہے! بعد میں پھر تم مجھ پر احسان جتاؤ گے کہ میں نے پیسے پے کیے تھے..اسی لئے جیسا کہا ہے ویسے کرو.. کل شام 7 بجے تم مجھے میرے گھر چاہیے ہو..that's it!

www.novelsclubb.com

تقی تھنکنگ،"ہیلپ مانگ رہی ہے یا دھمکی دے رہی ہے"


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ماہین سب سمجھا کر جانے لگتی ہے جب تقی کہتا ہے؛

"اوو میڈم! نہ تو تم پریزیڈنٹ کی بھانجی ہو اور نہ میں جن کا بچّہ جو تمہارے گھر کا ایڈریس مجھے الہام ہو گا.. ایڈریس کون لکھ کے دیگا.."

(ماہین اسے چڑھ کے دیکھتی ہے اور پھر ایک پیپر پر ایڈریس لکھتی ہے تقی لینے کے لئے ہاتھ آگے بڑھاتا ہے پر وہ uske ہاتھ میں دینے کے بجائے ٹیبل پر رکھ کر چلی جاتی ہے)

www.novelsclubb.com

"ہاتھ میں دینے سے کچھ ہو جاتا.. آئی بڑی..۔۔۔ماموں کی بھانجی!!!.."

تقی بڑبڑاتے ہوئے اٹھتا ہے*

************************************

*********************

(سات سے ساڑے سات اور اب آٹھ بھی بج گئے تھے لیکن تقی صاحب کا تو کچھ آتا پتا ہی نہیں تھا.. فیصل صاحب ماہین سے تین دفعہ ماہر کے بارے میں پوچھ چُکے تھے..ماہین کا پریشانی سے بُرا حال ہو رہا تھا ایک تو جلدی میں وہ تقی سے اُسکا نمبر لینا بھی بھول گئی تھی)

www.novelsclubb.com

ماہین تھنکنگ، کہاں مر گئے ہو یار تقی!!!

(ابھی وہ اپنے دماغ میں اُسے کوس ہی رہی ہوتی ہے کہ تبھی ڈور پر بیل بجتی ہے تطہیر مین ڈور کھولتی ہے جہاں سامنے ہی اسے کالے کوٹ پینٹ میں ایک ہینڈ سم سا لڑکا کھڑا دیکھتا ہے)

*وہ جلدی سے کہتا ہے"Hi! ...myself Mahir...."۔

(تقی کی آواز پر ماہین بھاگتے ہوئے گیٹ تک آتی ہے)

www.novelsclubb.com

"ماہر جی آپ..آ گئے ؟!"

"اب تم بولاؤ اور میں نہ آؤں ایسا کبھی ہوا ہے کیا؟"

تقی فُل ایکٹنگ کر رہا تھا جبکہ ماہین کا سانس اُپر کا اُپر اور نیچے کا نیچے ہوئے جا رہا تھا..*

(فیصل صاحب کے کہنے پر ماہین اسے اندر بولا کے ڈرائنگ روم میں بٹھاتی ہے جہاں الریڈی گھر کے سارے لوگ بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں..)

(تقی کو سب کی نظرے اپنے آپ پر محسوس ہو رہی تھی.. سب ہی اُسے گُھور کر دیکھ رہے تھے)

تقی تھنکنگ؛ایسالگ رہاہے جیسے میں کوئی قیدی ہوں اور مجھے عدالت میں پیش کیا جارہاہے!!اف کہاں پھسادیااس لڑکی نے مجھے!!

www.novelsclubb.com

آخر کار تقی سب کی نظروں سے تنگ آکر اُن سے کہتا ہے؛

"امم.. آپ لوگ سب مجھے ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں.. جیسے قربانی سے پہلے جانور کو دیکھا جاتا ہے؟!.."

ہاہاہا!! ماہر جی!۔۔کتنے مزاقیہ ہیں آپ!!

ماہین غصّے میں تقی کو دیکھتی ہے*

"ماہین! جاؤ چائے لیکر آؤ سب کے لئے.."فیصل صاحب ماہین کو کہتے ہیں*

"جی ماموجان!!"

www.novelsclubb.com

ماہین کہنے کو تو وہاں سے چلی جاتی ہے جبکے دروازے پر چُھپی وہ ساری باتیں سننے لگتی ہے*

ماہین تھنکنگ, خدا کا واسطہ ہے تقی کوئی بھنڈ مت کر دینا!

"فیملی میں کون کون ہے تمہاری.??.." پہلا سوال فیصل صاحب کی طرف سے آتا ہے۔۔۔

پھر سلمہ بیگم پوچھتی ہیں؛"تمہارے والد کیا کرتے ہیں؟!"اور پھر سبین بیگم سوال کرتی ہیں*

"اور ماہین کو کب سے جانتے ہو??۔۔"

(تقی کی تو جان حلق میں آ گئی تھی اتنے سارے سوال سنکر اور وہ دل ہی دل میں ماہین کو کوس رہا تھا)

www.novelsclubb.com

تقی تھنکنگ، اسی لی ۓ بس اسی لئے میں نے اُس مامو کی بھانجی سے کہا تھا میری ساری تیاری کرانے۔۔اب یہ لوگ تو تیرا پیچھا ایسے نہیں چھوڑینگے تقی بیٹا ابھی بھی وقت ہے بھگ لے یہاں سے !!!۔۔

"ہ!..آپ لوگوں نے تو سوالوں کا پورا کوٹا ہی کھول دیا.. "وہ ہمت کر کے بولتا ہے*

"کیا کریں بیٹی کا معملہ ہے نہ کسی ایرے غیرے کے ہاتھ میں نہیں دے سکتے !" سلمہ بیگم چوٹ کرتی ہیں*

تقی تھنکنگ، ایرا غیرا! 🙄

www.novelsclubb.com

"ویسے میرے آنے سے پہلے میری بایو گرافی کیا میرے گھر کی جیو گرافی بھی بتادی ہو گی ماہین نے آپ کو۔۔.. لیکن خیر میں پھر بھی آپکو بتادیتا ہوں.. میرا نام ماہر ہے !.. میں کاڈیولوجسٹ ہوں۔۔اور میری فیملی میں صرف میرے باباہیں اور میں ہوں۔۔ماہین سے میری ملاقات دوست کی برتھڈے پارٹی میں ہوئی تھی !"

(ماہین نے اسے جو رٹایا تھا وہ سب فرفر سنادیتا ہے..)

"تم نے ہمارے سوالات کا سہی سے جواب نہی دیا.. ہم نے پوچھا تھا کس چیز کا بزنس کرتے ہیں تمہارے والد وہاں آسٹریلیا میں ?..."فیصل صاحب کے دوبارہ پوچھنے پر تقی ڈگمگا جاتا ہے *

"ہنن.. Very good ..a..good question!!.

and the answer is ..question!!..آب۔۔آآ۔۔۔"

تقی تھنکنگ,ابّے یار یہ سوال تو out of سلیبس آگیا آب کیا کہوں!!..

"کیا کام اتنا مشکل ہے کے تم بتا بھی نہیں سکتے.."فیصل صاحب جانچتی نظروں سے اسے دیکھتے ہیں*

www.novelsclubb.com

"نہی!!نہیں ایسا کچھ نہیں ہے انکل..وہ زرا اصل سوچ رہا تھا اتنے سارے ہیں کونسا والا بتاؤں.."

"کوئی ایک بھی بتادو تو وہ بھی بہت ہے!..ویسے جس طرح کے تم ہو اس حساب سے تو لگتا ہے سمگلینگ ہی کرتے ہونگے!" یہ تانا بلال کی طرف سے آتا ہے ظاہر ہے وہ پیچھے تو نہیں رہنے والا تھا کھڑماہر کی وجہ سے اسکی شادی ٹوٹی تھی*

تقی تھنکنگ,پہلے باپ کم تھا جو آب بیٹا بھی آگیا تانے مارنے..یہ تو سارا خاندان ہی پاگل ہے!!

(ماحول گرم ہوتا دیکھ ماہین ایک دم سے ٹرے لیکر روم میں آتی ہے..تاکہ سب کا دیہان تقی پر سے ہٹ جائے)

"چائے!!!..لے آئی میں..!"

www.novelsclubb.com

"تو پورے جہان کو کیوں بتا رہی ہو۔۔سب کو دو.. "سبین بیگم اسکے اس طرح چلا کے کہنے پر اسے ڈانٹتی ہیں *

(اس بات پر تقی کی ہسسی چھوٹتی ہے لیکن وہ جلدی سے اُسے روکتا ہے)

"جی!.....ماموکتنے چمچ لینگے آپ چینی کے؟؟"ماہین فیصل صاحب سے پوچھتی ہے *

وہ تقی کی طرف اشارہ کرتے ہیں "پہلے مہمان کو دو!"

تقی تھنکنگ, مہمان!.. مطلب کے بیٹا یہ تجھے بھگا کر ہی رہینگے تقی..



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ماہین جلدی سے تقی کی طرف بڑھتی ہے اور اسکو چائے کا کپ پکڑاتی آہستے سے اُسے کہتی ہے؛

" تقی!.. انسے بولو انکا امپورٹ ایکسپورٹ کا بزنس ہے!.. یہ بولکے کر وہ پیچھے ہوتی ہے *

"ہاں بھئی بتایا نہیں تم نے کس چیز کا بزنس کرتے ہیں تمہارے والد؟" بلال دوبارہ پوچھتا ہے *

www.novelsclubb.com

"Give and Take" کا!.. مطلب امپورٹ ایکسپورٹ!.." تقی کے بتانے پر فیصل صاحب پھر پوچھتے ہیں کے؛"کیا امپورٹ اور کیا ایکسپورٹ کرتے ہو؟"

"وہی جو پبلک کو چاہیے ہوتا ہے.." تقی کے موں سے ایک دم سچ نکل جاتا ہے*

"کیا مطلب؟"بلال اس سے تفشیش کرنے لگتا ہے*

www.novelsclubb.com

تقی کی بات کو سمبھالنے کے لئے ماہین فورن بولتی ہے؛"انکا مطلب ہے ک پبلک گڈز!..ہیں نہ ماہر جی؟!"

ماہین تقی کی طرف دیکھتی ہے تو وہ ہاں میں گردن ہلاتا ہے*

"ہاں! ہاں! وہی۔۔۔!"

کافی دیر ماہر کا انٹرویو چلتا رہتا ہے۔۔۔ تقی کی تو حالت ہو گئی تھی سب کے جواب دے دے کر۔۔اسکی یہ حالت دیکھ عنایا ماہین سے کہتی ہے:

"ماہی اس سے پہلے تقی بیہوش ہو جائے اسے نکالو یہاں سے!"

"ہمم۔۔۔"

سب کے سوال ختم ہوتے ہی ماہین تقی سے کہتی ہے:

www.novelsclubb.com

"ماہر جی مجھے لگتا ہے اب آپکو چلنا چاہیے یاد ہے اپ نے مجھے بتایا تھا آپکی ایک امپورٹنٹ میٹنگ ہے ابھی!!"

"میٹنگ؟؟"ماہین بولنے پر تقی سوچنے لگتا ہے کے بھلا اسکی کونسی میٹنگ*

"انویسٹرز کے ساتھ!۔۔آنلاین میٹنگ!!..یاد آیا کچھ؟"ماہین کے گھورنے پر اسے عنایا کی بات یاد آتی ہے*

"اور ماہین اگر کبھی بھی میٹنگ کا لفظ بولے اسکا مطلب ہے کے آب نکلنے کا وقت ہو گیا ہے.."،

"اچھا میٹنگ!!..ہاں ہاں میری ایک بہُت امپورٹنٹ میٹنگ ہے انکل میں آب چلتا ہوں.."تقی یہ کہتے ہوے کھڑا ہو جاتا ہے*

www.novelsclubb.com

"اتنی بھی کیا جلدی ہے بیٹھو تھوڑی دیر!.. کھانا کھا کے جانا!" سلمہ بیگم مراؤتن پوچھ لیتی ہیں*

"نہیں آنٹی ابھی مجھے لیٹ ہو رہا ہے پھر کبھی"

"ٹھیک ہے پھر آتے جاتے رہنا"

فیصل صاحب کے کہنے پر وہ آہستے سے بولتا ہے:

"پہلے اس جہنم سے باہر تو نکل جاؤں پھر یہاں آنے کے سوچوں گا"

www.novelsclubb.com

"کچھ کہا کیا بیٹا"

"جی نہیں۔۔۔انکل"

"چلو میں تمہیں باہر تک چھوڑ دوں!"


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جیسے ہی فیصل صاحب بولتے ہیں تقی ہڑبڑا کے کہتا ہے؛

"نہیں !۔۔۔ نہیں نئ انکل میں چلا جاؤنگا آپ آرام کریں تھک گے ہونگے آپ بھی!"

(سب کو خدا حافظ کہتے ہی تقی جلدی سے گھر سے باہر آتا ہے اور تب جا کے اسکی سانس باحال ہوتی ہے)

ماہین بھی چُھپتے چھپاتے اسکے پیچھے آتی ہے*

"اففف!!! مجھے نہیں کرنا یہ کام!۔۔ مجھسے نہیں ہو گی یہ ایکٹنگ۔۔" وہ پاگلوں کی طرح لمبی لمبی سانسیں لے رہا ہوتا ہے*

www.novelsclubb.com

" تقی! تقی۔۔۔ڈرامہ بند کرو۔۔یاد رکھو پیسے لے چکے ہو تم مجھ سے اب پیچھے نہیں ہٹ سکتے تم!!" ماہین آہستے پر غصے میں کہتی ہے*

"او وبی بی جان ہے تو جہان ہے! لے لینا تم مجھ سے اپنے پیسے واپس!"

"مثلاً کیا ہے تمہارا تقی؟؟!"

"مثلاً میرے ساتھ نہیں مثلاً تمہاری فیملی کے ساتھ ہے میری مانو کسی اچھے سے ڈاکٹر کو دیکھاؤ سب کو۔۔بتاؤ کوئی ایسے گھور گھور کے دیکھتا ہے کسی کو اور وہ تمہارے ماما حضور ابّے وہ ماماہیں یاsherlock holmes!!?!..اررے اتنے سوال بھی کوئی کرتا ہے کیا?!!..بچّے کی جان نکال دی.." وہ اپنا سارا غصہ ماہین پر نکل دیتا ہے*

"ہاں تو کسنے کہا تھا اتنی overایکٹنگ کرنے!؟!"

"overایکٹنگ آرے آج کے بعد تو میں ایکٹنگ کرنا چھوڑ دونگا! قسم سے اتنا جھوٹ تو میں نے اپنی پوری زندگی میں نہیں بولا ہوگا جتنا ان دو گھنٹوں میں ایک سانس میں بول چکا ہوں!"

"مجھے تو لگتا ہے ماموکو تم پر شق ہو گیا ہے.."

ماہین کی بات پر وہ بھی ہامی بھرتا ہے*

www.novelsclubb.com

"ویسے آپس کی بات ہے مجھے بھی ایسا لگتا ہے۔۔ جس طرح سے وہ مجھے دیکھ رہے تھے ایسا لگ رہا تھا کے جیسے آنکھوں سے ہی کاٹ کھائینگے.."

"چلو کوئی بات تو ایسی ہے جس پر ہم دونوں اتفاق کرتے ہیں.."

ماہین تقی کی طرف دیکھتی ہے *"خیر فلحال کے لئے اتنا ہی کافی ہے کے انھیں یقین آگیا کے میرا کوئی بوئیفرینڈ ہے.. باقی کا بعد میں دیکھیں گے..اب تم جاؤ! دفع ہو"

"یار پتا نہیں مجھے تھینک یو کے بجائے دفع ہو کیوں سنائی دے رہا ہے" وہ ایسے ایکٹ کرتا ہے جیسے اسنے سنا ہی نہ ہو*

"کیوں کے میں نے تمہیں دفع ہو ہی کہا ہے ڈفر!!" وہ اسکے ارمانوں پر پانی پھیرتے ہوئے کہتی ہے*

"بڑی کوئی بے مرؤت لڑکی ہو یار تم" وہ غصے سے دیکھتا ہے *

"ہاں ہوں تو۔۔۔؟"

"جارہا ہوں میں" وہ کہ کے پیچھے مڑتا ہے *

ہاں تو جاؤ"

"میں پکا جارہا ہوں" وہ جانے کی ایکٹنگ کرتا ہے *

"چلے بھی جاؤ اب"

www.novelsclubb.com

(وہ غصے میں اپنا کوٹ گاڑی کی پچھلی سیٹ پر پھینکتا ہے اور پھر وہاں سے چلا جاتا ہے جب کے پیچھے کھڑی ماہین زور زور سے ہسنے لگتی ہے)


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

..............................................................................

........... .....

قسط:٦

**سچائی:**

وہ نہیں میرا مگر،

اس سے محبت ہے تو ہے!

یہ اگر رسم ورواجوں سے،

بغاوت ہے تو ہے!

سچ کو میں نے سچ کہا،

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جب کہ دیا تو کہدیا!

اب زمانے کی نظر میں،

یہ حماقت ہے تو ہے!

—-----_--**********_-------

(کچھ دنوں کے لیے ماہین اپنی شادی کی بات ٹال دیتی ہے جب بھی کوئی اس سے ماہر کے بارے میں پوچھتا وہ کہہ دیتی کے وہ کسی کام سے شہر سے باہر گیا ہے۔۔۔)

www.novelsclubb.com

ابھی وہ اپنے کمرے میں خوابِ خرگوش کے مزے لے رہی ہوتی ہے جب عنایا آ کے اسے اٹھاتی ہے*

"ماہی اٹھو!!...اٹھو ماہی!!" وہ اسے زور سے ہلاتی ہے *

"کیا ہوا انو؟! سونے دو نہ مجھے.." ماہین نندہ میں بولتی ہے *

"نیچے چل کے دیکھو تمہارے چودہ طبق روشن ہو جائیں گے.."

اسکی گھبرائی ہوئی آواز سن کر وہ کہتی ہے؛

"کونسی قیامت آگئی؟"

www.novelsclubb.com

" تقی ضیاء احمد!"

عنایا کے بتانے پر وہ ایک جھٹکے سے اٹھ کر بیٹھ جاتی ہے *

"ہیں؟؟!!..." "...." وہ یہاں کیا کر رہا ہے؟"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"نیچے چل کے خود ہی دیکھ لو!"

(ماہین جلدی سے دوپٹہ اٹھا کے اپنے سر پر ڈالتی ہے اور بھاگتے ہوئے نیچے آتی ہے جہاں تقی کو سامنے صوفے پر بیٹھا دیکھ اسکا خون کھول جاتا ہے)

" تمم!!..ا"ماہین کے ایسے بولنے پر سب اسے دیکھنے لگتے ہیں تو وہ فورن بولتی ہے؛

www.novelsclubb.com

"میرا مطلب تھا آپ یہاں کیسے ماہر جی؟"

"جان.. کیسا لگا تمھیں میرا سرپرائز؟.." تقی فورن اٹھکے اسکے پاس آتا ہے*


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"بہت اچھا کیا ماہر جی جو اپ آ گئے!"

سب کو د کھانے کے لئے وہ چیخ کر بولتی ہے اور پھر اہستے سے اس سے کہتی ہے؛

"ایسا گھٹیا سرپرائز دینے کی کیا ضرورت تھی.."

"شکر کرو میں آ گیا ورنہ آج تو آپ کو لگ پتا جاتا میڈم!"

"اُوہ ڈارلینگ تم نے ناشتہ کیا؟" وہ اسکا ہاتھ پکڑتے ہوئے پوچھتا ہے*

"تقی تمیز میں کھڑے رہو ورنہ پٹو گے...!"

تقی فورن سے اپنا ہاتھ پیچھے کر لیتا ہے*

www.novelsclubb.com

"ویسے آپ یہاں کیسے مطلب کیوں؟"

"وہ actually مجھے انکل نے بولا یا تھا.."

"کیوں ?.."ماہین فیصل صاحب کی طرف دیکھتی ہے *

"کیا مطلب کیوں ماہین تم دونوں کی شادی کے لئے اور کس لئے.."

"شادی !??" تقی اور ماہین ایک ساتھ بولتے ہیں *

"ہاں شادی ! کیوں تم دونوں نے نہیں کرنی کیا؟۔ کہیں یہ سب کوئی ڈرامہ۔۔۔؟"

www.novelsclubb.com

ماہین فورن بات سمبھالتی ہے *"نہیں نہیں کرنی ہے نہ بلکل کرنی ہے ہم نے شادی بتائیں نہ ماہر جی..."

"ہاں !۔۔۔ہاں !" تقی ماہین کی ہاں میں ہاں ملاتا ہے *

"ٹھیک ہے پھر تم اپنے ابّو کو بولا لو.."سبین بیگم کے بولنے پر تقی شوکڈ ہو جاتا ہے *

"ابّو کو??!!!"

"ہاں بھئی ابّو کو..آخر انھیں بھی تو تمہاری شادی کی خواھش ہو گی نہ.."
فیصل صاحب کے یہ کہنے پر تقی فورن سے کہتا ہے؛

www.novelsclubb.com

"وہ تو نہیں آسکتے ?!"


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"کیوں بی اکھلوتے بیٹے ہو تم تمہاری شادی پر کیوں نہیں آئینگے وہ.. تم نے اپنے ابّو کو بتایا تو ہے نہ !؟" بلال بال کی کھال نکلنے لگتا ہے *

off course!.. Off course "بتایا ہے لیکن شاید ماہین نے اپ لوگوں کو نہی بتایا..؟"

سلمہ بیگم : کیا بتانا تھا ماہین نے ہمیں ؟

www.novelsclubb.com

"یہی کے میرے ابّو کیوں نہیں آسکتے شادی میں !"

تقی ساری ٹوپی ماہین کے سر ڈال دیتا ہے.. سب ماہین کو دیکھنے لگتے ہیں۔۔۔

"ہاں.. وہ!۔۔۔۔۔ مجھ سے تو بتایا ہی نہیں جا رہا عنایا بتائیگی !"

عنایا جو سکون سے کھڑی تھی ماہین کی بات پر بوکھلا جاتی ہے *

"ہیں؟ میں؟!۔۔"

عنایا تھنکنگ، ارے یار مجھے کیوں پھسا رہے ہو تم دونوں؟!

تینوں کی ایسی حرکتوں پر بلال جھنجھلا کے بولتا ہے؛" سسپینس ہی کریٹ کرتے رہو گے یا کچھ بولو گے بھی؟!"

www.novelsclubb.com

عنایا جلدی se بولنا شروع کرتی ہے؛"جی وہ ماہر جی کے ابّو شادی اسی لئے اٹینڈ نہیں کر سکتے کیوں کہ۔۔۔۔"عنایا سوچنے لگتی ہے کے کیا بہانا بنائے۔۔"کیونکے انکی طبیعت بہت خراب ہے۔۔!!"

"کیوں کیا ہوا ہے انھیں؟؟."اس بار سوال فیصل صاحب کی طرف سے آیا تھا*

"انکے ہول میں ہارٹ ہے!"تقی ڈر کے مارے جو موں میں آتا ہے بول دیتا ہے*

www.novelsclubb.com

"ہیں؟"بلال فورن اسکی بات کو پکڑتا ہے*

"ماہر جی کا مطلب ہے کہ انکے ہارٹ میں ہول ہے۔۔" ماہین جلدی سے بات سمبھالتی ہے *

"بس اسی لئے وہ زیادہ ٹریول نہیں کر سکتے !" تقی ماہین کا جملہ مکمل کرتا ہے *

"تو بیٹا کوئی تو ہو گا نہ جو شادی میں آئیگا !" کافی دیر سے چپ بیٹھی سبین بیگم پوچھتی ہیں *

"آئینگے نہ !۔۔۔ماہر جی کے دور کے کزن ہیں وہ آئینگے !" ماہین اپنی طرف سے کوئی بھی کردار بنا لیتی ہے *

www.novelsclubb.com

تقی تھنکنگ، ہیں میرا کونسا کزن ہے جسے میں نہیں جانتا !


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"ٹھیک ہے انھیں لیکر کل گھر آجانا!"

"جی بہتر!.."

(کچھ دیر بعد وہ دونوں سب سے جان چھوڑ آ کے باہر آتے ہیں)

"یہ کیا بقواس حرکت کی ہے تمنے آنے سے پہلے بتا نہیں سکتے تھے؟؟"ماہین آتے ہی تقی پر پھٹ پڑتی ہے*

www.novelsclubb.com

"میں تو بتا کے ہی آتا اگر آپکا نمبر میرے پاس ہوتا تو! اپر سے تمہارے ماموحضور مجھے راستے میں پکڑ کے گھر تک گھسیٹ کر لے آئے۔۔اور وہ تمہارا کزن سستا جیمز


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بانڈ ہر جگہ سے میری inquiry کرواتا پھر رہا ہے میں بتا رہا ہوں میں پکڑا گیا نہ تو بچو گی تم بھی نہیں میڈم.."

"اوئے یہ دھمکی کسکو دے رہے ہو ہاں ؟بس تھوڑے دن کی بات ہے انھیں ٹلاؤ.."

"اور یہ کزن کہاں سے آئیگا میرا..."

ماہین ہاتھ کا اشارہ تقی کی طرف کر کے بولتی ہے؛"وہیں سے جہاں سے تم آئے ہو.."

www.novelsclubb.com

"یہ جو تم کہانی بڑھائے جا رہی ہو نہ یہ کسی دن گلے پڑیگا تمہارے.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"اگر اچھی باتیں نہیں کر سکتے نہ تو بقواس کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے.."

"میں تو بقواس بندہ کر دونگا آپ سوچیں آپ کیا کرینگی.."

تقی کی بات سن کر وہ واقعی سنجیدہ ہو جاتی ہے "کچھ تو سوچنا پڑھے گا یہ شادی ٹالنے کے لئے.."

"تم سوچو میں جا رہا ہوں بس!"۔۔ تقی جانے لگتا ہے لیکن پھر مڑتا ہے *

www.novelsclubb.com

"اور ہاں تمہارے فون میں میں نے اپنا نمبر save کر دیا ہے.."

"اچھا!....." وہ بے دہانی میں بول دیتی ہے لیکن ایک دم خیال آنے پر وہ چیختی ہے؛"ایک سیکنڈ تم نے میرا فون کھولا..؟؟"

"ہاں کھولا اور تمہارے ڈاکٹر دوست کے میسیجز بھی پڑھے.." وہ شانے اُچکا کے بڑے فخر سے بتاتا ہے*

"یو چیپسٹر!!" ماہین ہاتھ میں پکڑی بُک اسکے سر پر مارتی ہے*

"او میڈم ڈدہان سے تمہارا فون ابھی بھی میرے پاس ہے"

www.novelsclubb.com

"میرا فون!" وہ جلدی سے اپنی پاکٹس چیک کرتی ہے؛ہا---چور کہیں کے میرا فون واپس کرو!!.. تقی میرا فون دو..!

وہ اپنا فون لینے کے لئے اگے بڑھتی ہے تو تقی اپنا ہاتھ اپر کرلیتا ہے *

"میرے خیال سے ٹیڈون کو اپنا قد لمبا کر لینا چاہئے" تقی ماہین کی چھوٹی ہائیٹ پر چوٹ کرتا ہے کیونکے تقی مہیں کو تقی کے ہاتھ تک پوھچنے کے لئے تقریبن قودنا پڑھ رہا تھا*

" تقی میرا فون دو!!!!!" وہ چلاتی ہے*

"نہیں دونگا!..پہلے مجھے اُس ڈاکٹر کا سین بتاؤ!"

www.novelsclubb.com

"یار تقی ایسا کچھ نہیں ہے ابھی میرا فون واپس کرو.."

(تقی اپنا ہاتھ اوراپر کرلیتاہے ماہین اچھل اچھل کراپنا فون لینے کی کوشش کر رہی ہوتی ہے)

"بتادو ورنہ میں تمہارے ماموکو سب سچ بتادونگا!.."

"تم مجھے بلیک میل کررہے ہو؟"وہ پھولتی ہوئی سانس اورلال ہوتے چہرے کے ساتھ بھی اس پر غصہ کررہی تھی جسے دیکھ کرکے چہرے پر بے ساختہ ہسی آجاتی ہے*

www.novelsclubb.com

"پہلے تو نہیں سوچا تھا لیکن اب کررہاہوں.."وہ اسے اور تپاتاہے*

"تقی!!.!!!."

"بتا رہی ہو یا نہیں؟"

تقی دھمکی سے آخر کار وہ ہار مان لیتی ہے*

"......و..وہ میرے سینئر تھے یونیورسٹی میں..کچھ عرصے پہلے ہم ملے تھے اور..ہم ایک دوسرے کو پسند کرنے لگے..بس اتنی سی ہی بات ہے"

"ایک بات بتاؤ جب وہ تھا تو مجھے بالی کا بکرا بنانے کی کیا ضرورت تھی؟!.سیدھا اُسی کو پیش کر دیتی نہ سب ک سامنے.."

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"انکے بارے میں کسی کو نہیں پتا ہے سعوائے عنایا کے اور وہ تمہاری طرح ویلے نہیں ہیں وہ کسی کام سے آسٹریلیا گئے ہیں۔۔آجائینگے تو انھیں سب سے ملوادونگی.. خوش!!.."

"میں کیوں خوش..خوش تو تم ہو بی بی..اور یہ لو فون نہیں کھولا تھا میں نے اسے..سب کچھ اُگلنے سے پہلے یہ تو سوچ لیتی کے تمہارے موبائل میں پاسورڈ نام کی بھی کوئی شہ ہے..ڈفر!" تقی اسے موبائل دیتے ہوئے کہتا ہے *

www.novelsclubb.com

"ہو!..مطلب تم نے کوئی میسیجز نہیں پڑھے.."

"نہیں میں نے تو بس اسکا نام پڑھا تھا باقی تم نے خود ہی سب کچھ بتادیا.." یہ کہکے وہ ہسنے لگتا ہے *

" تممم !!..."

"او جنگلی بلی اس پر سوگ بعد میں منانہ..پہلے اپنی شادی سے بچنے کا طریقہ سوچو خدا حافظ !!.."

یہ کہکے تقی واپس جانے کے لئے مڑ جاتا ہے جب ماہین چیخ کر اسے بولتی ہے؛

"تم نہایت بد تمیز انسان ہو!!!.."

(تقی واپس پلٹے بغیر ہی اُسے کہتا ہے)

www.novelsclubb.com

"تھینک یو!"

(اور وہ کار میں بیٹھ کے چلا جاتا ہے)

"اُووفف!!!!!!!.."

**********************************

*******************

قسط:۷

## مجبوری:

مجبور ہے انسان کچھ چیزوں کے لئے،

جن میں ایک محبت بھی ہے!

www.novelsclubb.com

محبت سزا بھی ہے،

اور جزا بھی ہے!

محبت بے لگام بھی ہے،

دل کے ہاتھوں مجبور بھی ہے!

نیز یہ کے سب کچھ ہے محبت،

آگ، پانی، دوا ہے محبت!

—----—--**********--------

(تقی ابھی ابھی شوٹنگ سے فارغ ہوا تھا وہ یہی سوچ رہا تھا کے آب وہ کسے اپنا کزن بنا کر ماہین کے گھر لے جائے تبھی اسکے دماغ میں ایک خُرافاتی آئیڈیا آتا ہے)

www.novelsclubb.com

"ساجد بھائی! آپ کتنے اچھے کتنے گوڈ لوکنگ ہیں۔۔۔آپکو تو ایکٹر ہونا چاہئے تھا!"

" تقی! مکھن آج کل سیل پر ہے کیا؟"ساجد بھائی تقی کی طرف دیکھ کر بولتے ہیں*

"نہی بھائی کیوں؟؟"

"تو اتنا کیوں لگا رہے ہو؟؟"ساجد بھائی کی بات پر آس پاس کھڑا کریو ہسنے لگتا ہے لیکن تقی کی آنکھوں کو دیکھ کر سبکی ہسی بند ہو جاتی ہے*

"مکھن؟! بھائی میں کیوں آپ کو مکھن لگاؤں بھلا؟!" تقی ایسے بولتا ہے جیسے انھیں تو کچھ پتا ہی نہ ہو*

www.novelsclubb.com

"تو پھر جو بھی بات ہے تقی صاف صاف کہو!"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"بھائی وہ زرا اصل بات یہ ہے کے۔۔۔۔۔"

(تقی انھیں سب سمجھاتا ہے)

"نو نو نو!! میں ایسا کچھ نہیں کرنے والا ہوں تقی۔۔!" ساجد بھائی یہ کہتے ہوئے کھڑے ہو جاتے ہیں*

"بھائی پلیز نہ!!۔۔" تقی بھی انکے سر پر جا کے کھڑا ہو جاتا ہے*

"نہیں بھئی نہیں۔۔یہ ایکٹنگ ویکٹنگ نہیں ہو گی مجھ سے!!"

www.novelsclubb.com

"کیا بات کر رہے ہو بھائی آپ اس فلم کے ڈائریکٹر ہیں۔۔اتنی بڑی فلم بنا رہے ہیں اور ایکٹنگ نہیں کر سکتے۔۔لوگ کیا کہینگے ساجد بھائی؟۔۔" اور تقی کی ایکٹنگ شروع ہو گئی تھی*

"لوگوں کو میں سمبھال لونگا۔۔اچھے سے جانتا ہوں میں تمہاری حرکتیں۔۔منا کردیا تو کردیا جاؤ اب یہاں سے!"

"ٹھیک ہے پھر چلا جاتا ہوں میں یہاں سے!!۔۔مجھے لگا تھا اس پورے جہاں میں میری کوئی مدد کرے نہ کرے میرے ساجد بھائی میری مدد ضرور کرینگے۔۔اور آج میرا وہ بھرم بھی ٹوٹ گیا آج سے میرا کوئی بھائی نہیں ہے۔۔جا رہا ہوں میں۔ "۔

وہ روتے ہوئے باہر جانے لگتا ہے تو ساجد بھائی آواز دیکر کہتے ہیں؛

"ارے او ڈرامہ کوئین!!۔۔ڈرامے بندہ کرو اپنے۔۔!۔۔"

"نہیں میں بس جا رہا ہوں یہاں سے۔۔"

"ok fine"! کر لونگا ایکٹنگ !"

ہاں سچی ؟؟ وہ ساجد بھائی کی طرف دیکھتا ہے جو ہاں میں سر جھکاتے ہیں *"تھینک یو سو مچ بھائی آئی لو و یو یار !!!"

تقی انھ زور سے گلے لگا لیتا ہے *

"اچھا بس !بس !!!۔۔"

…,……,…………………………………………………۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

…………………………………………

(اس وقت تقی ساجد بھائی کے ساتھ فیصل ہاؤس میں بیٹھا تھا)

"انکل یہ ہیں میرے دوور کے کزن ساجد بھائی!"

"اچھا اچھا!۔۔ویسے یہ رہتے کہاں ہیں؟"

"اسلا ما باد!" تقی کے موں سے جھٹ سے نکلتا ہے*

"کراچی!"دونوں ایک ساتھ بولدیتے ہیں۔۔۔اس پر ماہین اپنا سر پیٹھ کر رہ جاتی ہے*

www.novelsclubb.com

"اسلا ما باد یا کراچی؟"سبین بیگم سوال کرتی ہیں*

بلال: لگتاہے کافی دوور کے کزن ہیں جنھیں یہ بھی نہی پتاہے کے رہتے کہاں ہے..

"نہیں ایکچولی پہلے میں اسلا آباد میں تھا اب کراچی میں رہتا ہوں۔۔"ساجد بھائی بات سمبھال لیتے ہیں*

بلال:اوہ۔۔

"ابے یہ تم مجھ سے کیا کروا رہے ہو تقی!"

(ساجد بھائی اہستے سے تقی کو بولتے ہیں)

بس تھوڑی دیر اور بھائی!

وہ بھی ایسے ہی جواب دیتا ہے*

www.novelsclubb.com

ابھی یہ بات ہو ہی رہی تھی کے سلمہ بیگم نیا تیر چھوڑ دیتی ہیں*"ملنا ملانا ہو گیا ہو تو اب نکاح کی ڈیٹ فائنل کر لیں۔۔"

نکاح کی بات پر تقی کے موں سے ساری چائے باہر آجاتی ہے اور ایک دم چیخ کے بولتا ہے؛"نکاح!!؟؟!!"

"ہاں بیٹا نکاح! کیوں بیٹا کوئی مسٔلا ہے؟"

"نہیں انٹی۔۔۔ مم۔۔مجھے کیا مسٔلا ہوگا!" تقی ماہین کی طرف دیکھتا ہے تو وہ چپ رہنے کا اشارہ کرتی ہے*

"فائنل کیا کرنی ہے تاریخ بھیٔ جس تاریخ پر تح ہوا تھا نکاح اُسی دن ہوگا.. بس دھولا بلال کی جگہ ماہر ہوگا..۔"یہ فیصلہ فیصل صاحب کی جانب سے ہوا تھا جسے سنکر تقی اور ماہین سمیت سب شاکڈ ہو گئے تھے*

www.novelsclubb.com

سلمہ بیگم: یعنی اسی جُمعے کو!؟

کیا!!؟! لیکن انکل اتنی بھی جلدی کیا ہے؟؟! دو مہینے بعد بھی تو رکھ سکتے ہیں!!"

تقی اپنی طرف سے کوشش کرتا ہے*

سلمہ بیگم: اب بھئی نکاح دو دن بعد ہو یا دو مہینے بعد کیا فرق پڑھتا ہے۔۔۔

بکہیں تمہارا تمہارا ارادہ تو نہیں بدل گیا۔۔شادی کرنی بھی ہے یا۔۔؟ بلال تقی پر

ایک اور بارودی گولہ مارتا ہے*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"ارے نہیں کرنی یار!!!" تقی ایک دم سے سچ بول دیتا ہے۔۔تو ماہین اُسے گھور کر دیکھتی ہے*

"I mean کرنی ہے نہ بلکل کرنی ہے لیکن۔۔۔"

"لیکن ویکن کچھ نہیں اگر تمہیں ماہین سے نکاح کرنا ہے تو اسی جمعہ کو کرنا ہو گا۔ "۔

"بھائی جان اتنی جلدی ساری تیاریاں کیسے ہو نگی..."سبین بیگم فیصل صاحب کی بات پر پریشانی سے پوچھتی ہیں*

www.novelsclubb.com

"سب ہو جائیگا بس نکاح تو اُسی دن ہو گا.."فیصل صاحب یہ کہ کر اپنے وہاں سے چلے جاتے ہیں*

.........................................................................

..................

(فیصل ہاؤس سے نکلتے ہی ساجد بھائی تقی کو گردن سے پکڑ کر کونے میں لے کر جاتے ہیں)

"یہ کیا ٹوپی ڈرامہ ہے تقی؟ تمنے تو کہا تھا صرف ایکٹنگ کرنی ہے یہاں تو سچ کی شادی تہ ہو رہی ہے۔۔۔"

"لگا تو مجھے بھی یہی تھا بھائی۔۔۔میں بات کرتا ہوں ماہین سے!"

www.novelsclubb.com

"ہاں کرو کیونکہ یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے سہی نہیں ہے۔۔۔ جانتے ہو نہ اسے law کی لینگوتج میں fraud کہتے ہیں۔۔۔ انکو سچ پتا چلا نہ بیٹا چھ سات سال کے لئے اندر جاؤ گے تم۔۔۔! اُپر سے کریئر الگ خراب ہو گا تمہارا!

ساجد بھائی اپنی سنا کر وہاں سے چلے جاتے ہیں۔۔*

(تقی ماہین کو فون کر کے باہر بولاتا ہے اور اسکے آتے ہی تقی شروع ہو جاتا ہے)

یہ سب کیا ہے میڈم تمنے کہا تھا صرف ڈرامہ کرنا ہے تو یہ کیا ہو رہا ہے۔۔؟؟؟

www.novelsclubb.com

"مجھے بھی نہیں سمجھ آرہا کے ماموں کو کیسے روکوں۔۔۔"

"بھئی تم کسی کو روکو یا نہ روکو اپنے اُس کزن کو رُوک لو۔۔۔! سالا sherlock holmes کی چھٹّی اولاد جیمز بانڈ بن کر میرے پیچھے پڑا رہتا ہے میں بتا رہا ہوں میرا دماغ گھومانہ تو مائک ٹائیسن کی طرح پیٹو نگا اُسے۔۔"

"اچھا اچھا ایزی ہو جاؤ کرتی ہوں میں کچھ۔۔"

تقی: یہی بہتر ہو گا تمہارے لئے۔۔۔

تقی بھی الگ ہی ٹینشن ماہین کو دیکر چلا جاتا ہے*

www.novelsclubb.com

..........................................................,.........

.........

(فیصل صاحب کی بات تھی یا پتھر پر لکیر تقی کو تو کچھ سمجھ ہی نہیں آرہا تھا اُپر سے وہ ماہین کی کالز بھی پک نہیں کر رہا تھا۔۔ یہاں گھر میں شادی کی تیاریاں چل رہی تھیں اور دھولا میاں کا کسی کو آتا پتا ہی نہیں تھا)

(دن تیزی سے گزر رہے تھے آج ماہین کی مہندی تھی اور کل شادی اُسکا سوچ سوچ کر بُرا حال ہو رہا ماہر بھی فون نہیں اٹھا رہا تھا کہ وہ اُسے سب بتا سکے ابھی وہ یہ سوچ ہی رہی تھی کہ عنایا روم میں آتی ہے)

"ماہی! تمنے سوچا آگے کیا کرنا ہے..."

www.novelsclubb.com

"نہی انو مجھے تو کچھ سمجھ نہی آرہا..!...ماہر جی کو کیسے بتاؤں کے میری زندگی میں کیا چل رہا ہے.."

"ماہی بُرا نہ مانو تو ایک بات کہوں؟"

"پہلے کبھی تمہاری بات کا بُرا مانا ہے جو آب مانو گی.. کہو!۔۔"

"تم..!...وہ ایک منٹ کو رکتی ہے *"تم تقی سے نکاح کر لو!!.."

اسکی بات سنتے ہی ماہین کھڑی ہو جاتی ہے "کیا کہ رہی ہو انو میں اور اُس باگڑ بِلے سے شادی کر لوں! میرا دماغ اتنا بھی خراب نہیں ہوا ہے ابھی..!"

www.novelsclubb.com

"میں شادی نبھانے نہیں کہ رہی ہوں ماہی.!..میں بس اتنا کہ رہی ہوں کے تم فلحال تقی سے عارضی نکاح کر لو.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"عنایا تم کیا کہہ رہی ہو مجھے تمھاری کچھ سمجھ نہیں آرہی ہے.."

"دیکھو فلحال تقی سے نکاح کرلو اور ماہر جی کے آتے ہی وہ تمھیں طلاق دیدیگا اور تم ماہر سے شادی کرلینا۔۔ پھر وہ اپنے راستے اور تم اپنے راستے.."

"نہیں عنایا یہ سہی نہیں ہے۔۔۔"

"میری جان محبت اور جنگ میں سب جائز ہے! اور ویسے بھی ہم نکاح سے پہلے تقی کو صاف صاف سب بتادینگے نہ!

www.novelsclubb.com

"سب سے کیا کہونگی میں ؟؟ تقی سے کیوں طلاق لی؟ ماہر سے کیوں شادی کی.؟..
کس کس کے کون کون سے سوال کا جواب دونگی میں انو؟!؟.."

"کہ دینا کے تقی کو آسٹریلیا میں کچھ کام آگیا تھا اور اسکے پیرنٹس نہیں مان رہے
رشتے کے لئے وغیرہ اور اسنے تمھیں divorce دے دی اور پھر ماہر جی سے کہنا
وہ تمہارے گھر رشتہ بھیج دینگے.."

"یہ سب جتنا آسان لگ رہا ہے اتنا آسان ہے نہیں ہے !"

www.novelsclubb.com

"لیکن اسکے علاوہ تمہارے پاس ابھی کوئی اور چوائس بھی نہیں ہے تقی سے شادی
نہیں کی تو بلال بھائی سے کرنی ہو گی تقی سے شادی کی تو ایٹلیسٹ تم اُس سے طلاق

لے لو گی لیکن اگر بلال بھائی سے شادی ہوئی تو تم ہمیشہ کے لئے ماہر جی کو کھوہ دو گی.. دیکھو ماہی کسی سے تو کرنی ہی ہے نہ تو تقی سے کیوں نہیں..!"

ماہین اپنا سر پکڑ کر بیٹھ جاتی ہے *"اُسے کیسے سمجھائینگے..وہ نہیں مانیگا...!"

"اسکا بھی پلان ہے میرے پاس!.. تم بس اُسے آج رات بولا لو گھر کے پیچھے والے پارک میں.."

ماہین سر اٹھا کے عنایا کو دیکھتی ہے *believe me ماہی! میں سب سمبھال لونگی!۔۔

www.novelsclubb.com

(ماہین کو عنایا کی باتیں سمجھ نہیں آرہی تھی..اُسے بس اس پرابلم سے نکلنا تھا اب چاہے اسکا سولیوشن تقی سے شادی ہی کیوں نہ ہو...)

.................................................................

...

(وہ دونوں ایک گھنٹے سے تقی کا پارک میں انتظار کر رہی تھیں لیکن تقی صاحب ابھی تک تشریف ہی نہیں لائے تھے)

"کہاں ہے یہ!!؟؟!"ماہین ٹینشن میں ادھر سے ادھر پھر رہی تھی*

"آجائےگا!..تم ٹینشن کیوں لے رہی ہو؟"



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

(اتنے میں تقی پارک کا گیٹ عبور کرتے دیکھتا ہے)

"لو شیطان کا نام لیا اور جناب حاضر!!.."ماہین اسکو دیکھ کے بڑبڑآتی ہے*

"بہُت جلدی نئ آگئے تم?!"

"میں کوئی تمہاری طرح فارغ نہیں بیٹھا سو کام ہوتے ہیں مجھے ابھی بھی شوٹنگ ختم کر کے آرہا ہوں.."

"تم سے تو بات کرنا ہی فضول ہے.۔"

www.novelsclubb.com

"ہان جیسے میں تو مرے جارہا ہوں بات کرنے کے لئے!"

"دیکھ رہی ہو تم اسکی بد تمیزی!"ماہین عنایا کو بولتی ہے*



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"تو میڈم اپکی زبان سے کونسا شہد گر رہا ہے!!۔۔کام کی بات کرو نہی تو میں جا رہا ہوں!" وہ بھی اپنی ناک سے مکھی اڑاتا ہے*

"تم کرنے دو گے تو کرو نگی نہ!"

"اچھا اب جلدی بولو!"

"دیکھو۔۔ماموجان کسی صورت یہ نکاح پوسٹ پونڈ نہیں کر رہے۔۔اور ماہر جی بھی میری کالز نہیں پک کر رہے ہیں..."

www.novelsclubb.com

اسکی بات ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ تقی بیچ میں بولتا ہے؛



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"بیٹا وہ پِک کریگا بھی نہیں.. میری مانو۔ وہ تمھیں دھوکہ دیکر بھاگ گیا ہے.."

"زیادہ فضول بولنے کی ضرورت نہیں ہے!.. وہ تمہاری طرح نہیں ہیں.."

"بلکل وہ میری طرح ہو بھی نہی سکتا میری تو بات ہی الگ ہے!"

"اوئے!.. زیادہ نہ ایفل ٹاور پر چڑھنے کی ضرورت نہیں ہے! نیچے آ جاؤ!"

دونوں کا جھگڑا بڑھتا دیکھ عنایا کہتی ہے؛

"اچھا اب بس بھی کرو تم دونوں.. تقی میں بتاتی ہوں تمھیں۔ وہ زرا اصل ہمیں تمسے کہنا تھا کے۔۔ کیونکے ماہی کے ماموں نہیں مان رہے تو۔۔" عنایا آہستے آہستے اسے بتانے لگتی ہے *

www.novelsclubb.com



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"تو۔۔؟؟" تقی پوچھتا ہے*

"تووہ۔۔۔۔۔۔آ"ماہین بتانے کی کوشش کرتی ہے پر رک جاتی ہے*

"ارے کیا تو تو؟؟!تم دونوں تو ایسے تو تو کر رہے ہو جیسے طوطے اوڑھ گئے ہوں تم دونوں کے" تقی جھنجھلا کے کہتا ہے*

"تو تم...ماہین سے نکاح کر لو!...!"عنایا ہمت کر کے ایک ہی سانس میں بول دیتی ہے*

www.novelsclubb.com

"ہیں؟؟؟؟کیا!!!." تقی کو تو ایک منٹ صرف عنایا کی بات سمجھنے میں لگتا ہے*

"یا تو تم دونوں پاگل ہو گئی ہو..یا دونوں ملکے مجھے پاگل بنا رہی ہو.!!.." تقی غصے میں چلاتا ہے پھر ماہین کے پاس آ کے کہتا ہے؛

"یقینن یہ brilliant آئیڈیا اسکے ہی دماغ کا ہو گا؟؟!۔۔۔۔ایکچولی ویٹ! میں تو بھول ہی گیا دماغ نام کی تو کوئی چیز ہی نہیں ہے تمہارے پاس!!۔۔ غلطی میری ہی ہے جو عقلمندی expect کر لی تم دونوں سے..جا رہا ہوں میں! خدا حافظ!..

تقی جانے لگتا ہے تو ماہین فورن اسکا راستہ روکتی ہے*

"یہ کس بات پر اتنا attitude دے رہے ہو تم؟!پیسے دے رہی ہوں نہ میں تمہیں!.."

www.novelsclubb.com

"اوہ ہیلو تقی ابھی اتنا بھی نہیں گرا کے چند پیسوں کے لئے اپنا ضمیر ہی بیچ دے.."

وہ پھر سے جانے لگتا ہے اس بار عنایا بولتی ہے؛

"تم ایکٹنگ کرنا چاہتے ہو نہ تقی..؟!"(اس بات پر تقی کے قدم تھم جاتے ہیں)

"میرے چاچو ایک بُہت بڑے چینل کے پروڈیوسر ہیں اگر تم ماہین سے شادی کر لیتے ہو تو میں ان سے بات کر کے تمھیں شوبیز میں اینٹری دلوا سکتی ہوں.."

"اس بات کی کیا گیر ینٹی ہے کہ نکاح ہونے کے بعد تم اپنی بات سے نہیں پھر وگی..." تقی اسکی طرف مڑ کے پوچھتا ہے*

"تم چاتو میرے چاچو سے بات کر سکتے ہو!.."

www.novelsclubb.com

(عنایا کی اس بات پر وہ واقعی سوچ میں پڑھ جاتا ہے)

"تو اب جس تیزی سے تمنے اپنے ضمیر کو جگایا تھا اُسی تیزی سے اُسے واپس سُلا دو.." ماہین فورن تقی کو تانا دیتی ہے *

"کل صبح تک کا وقت ہے تمہارے پاس سوچ کر بتا دینا.. چلو ماہی!۔۔ عنایا ماہین کو اپنے ساتھ لے جاتی ہے *

www.novelsclubb.com

جبکہ تقی وہیں بینچ پر بیٹھ کر سوچنے لگتا ہے *

"یہ دونوں عورتیں ملکے مجھے پاگل کر دینگی!!.."

************************************

********************

قسط:۸

نیا سفر/Suffer

ابھی سے گھبرا گئے تم کیف!

ابھی تو عشق کے امتحان اور بھی ہیں!

—---—--**********--------

www.novelsclubb.com

(ماہین اسٹیج پر دلہن بنی بیٹھی تھی لیکن تقی کا تو کچھ آتا پتا ہی نہی تھا۔۔)

"ماہین ماہر کہا ہے نکاح کا وقت ہو گیا ہے۔۔۔" سبین بیگم پریشانی میں پوچھتی ہیں *

سب پریشان تھے ایسے میں بلال جلے پر نمک کا کام کر رہا تھا؛" مجھے تو لگتا ہے بھاگ گیا میں تو شروع دن سے کہہ رہا تھا وہ لڑکا بھروسے کے لائق نہیں ہے۔۔ لیکن میری تو کوئی سنتا ہی نہیں ہے!"

بلال کی ایسی حرکت پر فیصل صاحب اسے ڈانٹتے ہیں *" بلال تم چپ کرو! ماہین تم بتاؤ کہاں ہے ماہر؟

(ماہین کسی کے سوال کا کوئی جواب نہیں دے رہی تھی وہ تو بس سر جُھکا کر بیٹھی تھی)

www.novelsclubb.com

۔۔۔۔میں یہاں ہوں انکل!!!۔۔۔۔

(تقی کی آواز پر عنایا حیران ہو جاتی ہے جبکہ ماہین کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ہے)

عنایا تھنکنگ، یہ یہاں کیسے؟؟۔۔۔

(چندہ گھنٹے پہلے،)

www.novelsclubb.com

(شام کے چھ بج رہے تھے آٹھ بجے انکا نکلح تھا اور اب تک تقی نے کوئی جواب نہیں دیا تھا ماہین اور عنایا دونوں پریشان تھیں)

"انوا اتنی دیر ہو گئ ہے اب تک تقی کا کچھ پتا نہیں ہے.. مجھے ڈر ہے کہ اگر وہ نہیں آیا تو.."

"ماہی ایسا نہیں ہو گا.."

ماہین تو بلکل رونے والی ہو گئی تھی*

"ویسے تمھیں کیا لگتا ہے وہ مانے گا؟!"

"جہاں تک میں نے اُسے جانا ہے.. اُسے مان جانا چاہیے.."

www.novelsclubb.com

"اور اگر ایسا نہ ہوا تو.."

be positive "ماہی! اگر ایسا نہ ہوا تو میں تمھیں یہاں سے بھگا دو نگی.."

" bad joke!"

"ارے بابا مذاک نہیں سچ کہ رہی ہوں.."

(تبھی تطہیر روم میں آتی ہے)

"عنایا باجی!!..آپکو امی نیچے بولا رہی ہیں!"

"اچھا!ماہی میں آتی ہوں!۔۔۔"عنایا تطہیر کے ساتھ چلی جاتی ہے*

عنایا کے جاتے ہی کوئی کمرے کے اندر آتا ہے۔۔ماہین جیسے ہی پیچھے مڑتی ہے اسکے موں سے بس ایک ہی نام نکلتا ہے؛

www.novelsclubb.com

"۔۔ تقی!!!۔۔۔تم یہاں کیسے آئے؟؟"

"دروزے سے!" تقی کنفیوز سا بولتا ہے*

"دروازے سے ؟؟؟"

"ہاں! میرے خیال سے شریف لوگ دروزے سے ہی آتے ہیں!۔۔۔" تقی اب واقعی چڑ جاتا ہے*

"نہیں میرا مطلب تھا یہاں کیوں آئے ہو؟؟"

"وہ مجھے تمسے کچھ بات کرنی تھی۔۔"

"جو بھی کہنا ہے جلدی کہو!..ٹائم نہیں ہے میرے پاس" وہ ایسے ایکٹ کرتی ہے جیسے بہت بزی ہو*

www.novelsclubb.com

"ٹھیک ہے پھر میں جا رہا ہوں!" ماہین کے اتنے تیور دیکھ تقی دھمکی دیتا ہے جسا سن کر وہ فوراً لائن پر آجاتی ہے؛

"ارے ارے میں مذاق کر رہی تھی یار تم تو سیریس ہی ہو گئے۔۔اچھا بولا کیا بولنا تھا میں سن رہی ہوں"

"وہ..میں...میں..وہ"

"اب بکرے کی طرح مے مے ہی کرتے رہو گے یا بولو گے بھی کچھ!؟!"

"میں..میں تم سے شادی کرنے کے لئے تیّار ہوں!.." وہ جلدی جلدی بول دیتا ہے لیکن ماہین تو یہ سنکر اچھل پڑھتی ہے*

www.novelsclubb.com

"کیا واقعی؟..تم مذاک تو نہیں کر رہے نہ.."

"میری شکل دیکھ کر لگ رہا ہے میں مذاک کے موڈ میں ہوں.."

"تمہاری شکل پر تو ہمیشہ ہی بارہ بجے رہتے ہیں اس میں۔۔ میں کیا کروں.."

"تمسے تو اچھی ہی شکل ہے میری... خیر!.. میری کچھ شرطیں بھی ہیں.."ابھی وہ کچھ بولے اس سے پہلے ماہین بول دیتی ہے؛

"مجھے تمہاری ہر شرط منظور ہے.."

"پہلے سُن تو لو.."

www.novelsclubb.com

"مجھے تم پر پورا بھروسہ ہے تقی!.."ماہین کے موں سے ایک دم نکلتا ہے۔۔ جانے کیا بات تھی اس جملے میں جسے سنکے تقی مسکراتا ہے*

(دونوں ابھی ایک عجیب سے سحر میں جکڑے ہوئے تھے تبھی ڈور کھولتا ہے جسکی آواز سے دونوں ہوش میں آتے ہیں)

"ماہین چلو بیٹا سب انتظار۔۔۔ارے دھولے میاں آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟؟"سلمہ بیگم سامنے کھڑے تقی کو دیکھ کر سوال کرتی ہیں*

"انٹی بس وہ کچھ بات کرنی تھی ماہین سے..میں چلتا ہوں!.."

(تقی وہاں سے پہلی فُرست میں نکل جاتا ہے جبکے پیچھے کھڑی ماہین کو اب جا کے سکون کا سانس آتا ہے..)

www.novelsclubb.com

..................................................................

...........

(نکاح کے لئے دونوں کو آمنے سامنے بٹھایا جاتا ہے بیچ میں پردہ لگایا ہوا ہوتا ہے.. مولوی صاحب ابھی شروع ہی کرنے لگتے ہیں کہ تقی بولتا ہے)

"رُکیں!!..یہ نکاح نہیں ہو سکتا!"

تقی کی بات پر سب کھڑے ہو جاتے ہیں سبین بیگم فورن آگے بڑھ کر پوچھتی ہیں"یہ کیا کہ رہے ہو تم ماہر بیٹا؟"

"انٹی میرا مطلب ہے کہ یہ نکاح ایسے نہیں ہو سکتا!اس سے پہلے میں آپ لوگوں کو ایک سچ بتانا چاہتا ہوں.."

www.novelsclubb.com

(ماہین کا دل وہیں بند ہونے لگتا ہے.. اسکے دماغ میں ہزاروں سوال آجاتے ہیں)

ماہین تھنکنگ, یہ کیا کر رہا ہے.. کہیں یہ سب کو سچ نہ بتادے.. تقی!!!

"کیسا سچ ??"فیصل صاحب اٹھ کر تقی تک آتے ہیں*

(سب لوگ تقی کو دیکھنے لگتے ہیں)

"یہی کہ ---میرا اصلی نام ماہر نہیں ہے.."

www.novelsclubb.com

ماہین تھنکنگ, کیا کر رہے ہو تم تقی.. میں تمہاری جان لے لونگی!

"میرا اصلی نام تقی ہے!.."



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تقی کی بات پر بلال بھڑک اٹھتا ہے*"دیکھا مجھے شروع دن سے پتا تھا کہ یہ انسان فراڈ ہے.. جانے اس نے ہم سے اور کیا کیا چُھپا یا ہے.."

"میری پوری بات تو سنو!"

"کیا سننے ارے تمھاری کسی بھی بات پر مجھے کوئی بھروسہ نہیں ہے.."

بلال تقی کو بولنے کا موقع ہی نہیں دے رہا ہوتا تو فیصل صاحب خود بلال کو چپ رہنے کا اشارہ کرتے ہیں؛

"بلال!.."

www.novelsclubb.com

"..ذراصل..جب میں چھوٹا تھا تو امی نے میرا نام تقی ہی رجسٹر کرایا تھا لیکن میرے ڈیڈ کو ماہر نام پسندہ تھا تو وہ مجھے ماہر ہی بلاتے تھے..پھر دوستوں میں بھی ماہر ہی مشہور ہو گیا۔۔۔ لیکن میرے ID کارڈ پر میرا نام تقی لکھا ہے تو اگر میں نے آپکو غلط نام بتایا تو نکاح غلط ہو جائیگا نہ..اور یہ گناہ ہے..اور یہ بات ماہین بھی جانتی ہے..کیوں ماہین؟؟؟!"

تقی اپنی طرف سے کوئی بھی کہانی بنا کر سنا دیتا ہے۔۔اور پھر ماہین کی طرف اشارہ کرتا ہے*

"جی!..؟..جی...میں بھی جانتی ہوں.."

www.novelsclubb.com

"ٹھیک ہے جب بچوں کو کوئی مثلہ نہیں ہے تو ایسے ہی سہی مولوی صاحب آپ نام تقی لکھیں..!"فیصل صاحب کے کہنے پر نکاح شروع ہوتا ہے*

(مولوی صاحب پہلے ماہین سے اور پھر تقی سے رضامندی لیتے ہیں..ماہین تو مجبوری میں کر رہی تھی.. لیکن تقی وہ اپنی خواھش کے لئے یہ سب کر رہا تھا وہ جانتا تھا وہ جو کر رہا غلط ہے لیکن اُسے اس وقت صرف ایک ہی بات یاد تھی اور وہ تھی اپنے ابّو کی نظروں میں اپنے لیئے عزت دیکھنا)

(نکاح کے بعد دونوں کو اسٹیج کی زینت بنادیا جاتا ہے جسکے تھوڑی دیر بعد سبین بیگم ان دونوں کے پاس آتی ہیں)

"ماہین کھانا کھالو پھر رُخصتی بھی کرنی ہے!"

"رُخصتی??!...."ماہین اور تقی ایک ساتھ بولتے ہیں*

"امی یہ رُخصتی کہاں سے آگئی بات تو صرف نکاح کی ہوئی تھی نہ!.."

"کیا کہہ سکتی ہوں میں تمہارے ماموجان کہہ رہے ہیں کہ رخصتی بھی ابھی ہی ہونی چاہیے..اسی لئے ابھی ہی ہو گی.."

"لیکن امی!---"ماہین ابھی کچھ کہنے ہی لگی تھی کے فیصل صاحب کے بولانے پر سبین بیگم وہاں سے چلی جاتی ہیں*

www.novelsclubb.com

انکے جاتے ہی تقی ماہین کے کان میں بولتا ہے؛



NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

What the Hell "!تم نے تو کہا تھا صرف نکاح ہو گا یہ بات رخصتی تک کیسے پُہنچ گئی.."

"مجھے بھی سمجھ نہیں آرہا ماموجان کا حکم ہے.."

"یہ ماموجان ہیں یا اکبر بادشا جو انکی بات پتھر پر لکیر ہو گی ماموں نے کہا نکاح آج ہو گا تو ہو گیا اب ماموں کہہ رہے ہیں کہ رخصتی ہو گی تو وہ ہو گی.. کسی دن انہوں نے کہا کے مر جاؤ تو وہ بھی مان لینا!.." تقی چڑ کے کہتا ہے*

shut up " تقی! مجھے سوچنے دو!"

"ہاں تو سوچو نہ کیونکہ میں تمہیں اپنے گھر نہیں لیکر جانے والا ہوں۔۔"

"ہاں تو مجھے بھی کوئی شوق نہیں ہے تمہارے گھر جانے کا اسی لئے زیادہ over مت ہو۔۔"

ان دونو کو لڑتا دیکھ عنایا اسٹیج پر آتی ہے*

"guys..!guys کیا کر رہے ہو تم دونوا سٹیج پر بیٹھو ہو کچھ تو شرم کر لو.. لوگ دیکھ رہے ہیں.."

"تو اسکو سمجھاؤ نہ!.. بار بار مجھے پِن کر رہا ہے.."

www.novelsclubb.com

"ہاں تم تو جیسے کوئی ننھی پری ہو نہ جو لگ رہی ہے.."

"سنو میرے موں لگنے کی ضرورت نہیں ہے.. "ماہین اسے انگلی دکھاتے کہتی ہے*

"میرا taste ابھی اتنا بھی خراب نہیں ہوا.. "وہ بھی فورن اپنا حصاب برابر کرلیتا ہے*

دونوں کی بیھمیس بڑھتی جارہی تھی جسے دیکھ عنایا غصے میں کہتی ہے؛"بس بھی کرو تم دونوں!!..نرسری کے بچوں کی طرح لڑھ رہے ہو!..اور جہاں تک بات ہے رخصتی کی تو اُسے ہو جانے دو.. تھوڑے دن کی بات ہے دونوں ایڈجسٹ کرلو نہ..۔

www.novelsclubb.com

تقی: Noo!

ماہین:Never!..

"تھوڑے دن کیا میں اسے تھوڑے گھنٹے بھی برداشت نہیں کر سکتا.."

" Same pinch!"

(دونوں میں سے کوئی ایک بھی ماننے کو تیار نہیں ہو رہا تھا)

"فائن! تم دونوں نے اگر ایسے ہی ضد کرنی ہے تو میں جا رہی ہوں انکل کو سب سچ بتانے.."

www.novelsclubb.com

انی کو جاتا دیکھ مہین فارم اسکے ہاتھ پکڑ لیتی ہے*

"ارے نہیں نہیں..ماموجان کو کچھ مت بتانا پلیز!"

"ہاں بھیا انہیں تو مت ہی بتانا پہلی فُرست مے موجہ وو جیل میں ڈلوا دینگے فراڈ کے کیس میں.."

"تو پھر کچھ دن ایک دوسرے کو برداشت کرلو دونوں...اب اٹھو دونوں!.."

(دونوں موں بنا کے اٹھتے ہیں اور پھر اس نام نہاد شادی کی نام نہاد رخصتی ہو جاتی ہے)

.........................................................................

www.novelsclubb.com

(تقی ماہین کو اپنے اپارٹمنٹ میں لے آتا ہے..ماہین اپارٹمنٹ کے ہر حصّے کو باریکی سے دیکھنے لگتی ہے)

" تقی یہ ہے تمہارا اپارٹمنٹ ہے ؟ ہم یہاں رہنے والے ہیں ؟؟ ! "

"نہیں نہیں .. یہ تو میں تو تمھیں یہاں tour کے لئے لایا تھا ابھی ہم بس اپنے محل جا ہی رہے ہیں .. " تقی کا موڈ سخت خراب تھا ایسے میں ماہین کا اس سے سوالات کرنا اسے زہر لگ رہا تھا*

"تم کسی سوال کا جواب تمیز سے نہیں دے سکتے نہ ؟ ! "

"تم تھوڑی دیر خاموش نہیں رہ سکتی نہ ؟ ! "

www.novelsclubb.com

( تقی کے بولنے پر وہ تھوڑی دیر خاموش ہوتی ہے لیکن پھر سے اسکاریڈیو شروع ہو جاتا ہے )


NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"یار تقی میں نے تمھیں اتنے پیسے دیے تھے کوئی ڈھنگ کا اپارٹمنٹ نہیں خرید سکتے تھے تم.."

"بول تو تم ایسے رہی ہو جیسے لاکھ دو لاکھ ٹرانسفر کر دیے ہوں تم نے میرے اکاؤنٹ میں۔۔۔!"

(اپنی ٹائی لوز کرتا وہ صوفے پر بیٹھتا کہتا ہے)

"تو کیا تمہارے پاس اتنے بھی پیسے نہیں ہیں کہ تم کسی اچھی جگہ رہسکو؟؟"

(وہ بھی اسکے پاس آکر بیٹھ جاتی ہے)

www.novelsclubb.com

"میڈم یہ بھی مل گیا غنیمت جانو کیونکہ نہ ہی میرا باپ بل گیٹس ہے اور نہ ہی میرے پاس تیل کے کوئیں ہیں اس سے زیادہ مہنگا گھر افورڈ نہیں کر سکتا میں۔۔"

"اچھا اچھا اب اتنا رونے کی ضرورت نہیں ہے!" اسکی سنے کے بعد ماہین واپس کھڑی ہوتی ہے*

"خیر مجھے چینج کرنا ہے میرا روم کہاں ہے"

"پانچ چھ رومز کا آپارٹمنٹ نہیں ہے میرا ایک ہی روم ہے جاؤ کرلو چینج!"

تقی اپنی کہ کر واشروم چینج کرنے چلا جاتا ہے.. جبکہ ماہین اپنا میک اپ اور جیولری اتار کے ڈریسنگ پر رکھتی ہے۔۔۔*

www.novelsclubb.com

تقی ابھی ابھی چینج کر کے نکلا ہی ہوتا ہے کہ اسے ایک زوردار چیخ کی آواز آتی ہے وہ فورن روم کی طرف بھاگتا ہے*

"کیا ہوا؟؟ ایسے چیخ کیوں ماری۔۔سب ٹھیک ہے؟۔۔ماہین!!" وہ جو سن کھڑی تھی تقی کی ہلانے پر بیدار ہوتی ہے*

"کیا ہوا کچھ بولو تو سہی؟؟!"

"وہ۔۔۔میں اپنے کپڑوں والا بیگ گھر۔۔ہی بھول گئی!۔۔۔ہھ۔۔" وہ روتے ہوئے بولتی ہے*

"کیا؟ یہ جو ہزار دو ہزار بیگز تم لائی ہو انمے سے ایک میں بھی کپڑے نہیں ہیں؟؟"

www.novelsclubb.com

تقی زمین پر پڑے بیگز کو دیکھتا ہے*

"خدا خوف کرو تقی صرف تین بیگز ہی تو ہیں.."۔۔۔

"ایک سیکنڈ اگر ان میں کپڑے نہیں ہیں تو ان میں ہے کیا؟؟؟؟"

"ایک میں میک اپ کا سامان ہے ایک میں شوز ہیں اور ایک میں میرے ہیوی ڈریس..اور۔۔۔"

ابھی وہ بول ہی رہی ہوتی ہے کہ تقی بیچ میں بولتا ہے؛

"ماہین اتنا سامان رکھو گی کہاں ?..میرے سر پر ?!!??"

"اسکی فکر تمھیں کرنے کی ضرورت نہیں ہے فلحال مجھے اپنی کوئی شرٹ اور ٹراوزر دو.."

"کیوں بھئی میں کیوں دوں ؟؟"

www.novelsclubb.com

"ھھہ کیا ہے نہ تقی صاحب میں اس ڈھائی غز کے لہینگے میں پوری رات نہیں گزار سکتی اسی لئے برائے مہربانی مجھے اپنے کپڑے عنایت کردیں" وہ تانے دینے والے انداز میں کہتی ہے *

"اچھا صبر کرو دیتا ہوں کچھ !" وہ اپنی الميرا کے پاس جاتا ہے اور کچھ ڈھونڈنے لگتا ہے *

"دو گھنٹے ہوئے نہیں اے ہوئے اور آتے ہی میرے کپڑوں پر حق جمالیا۔۔۔"

